تم میں سے جو شخص اس (عہد کو) پورا کرے گا' اُس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہوگا اور جو شخص ان میں سے کسی جرم کا ارتکاب کرلے اور اُسے سزا دے دی جائے' تو یہ اُس کے لیے کفارہ ہوگی' اور اگر کوئی شخص کسی جرم کا ارتکاب کرے اور اللہ تعالیٰ اُس کا پردہ رکھ لے' تو اب اُس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہوگا' اگر وہ چاہے گا' تو (آخرت میں) اُسے سزا دے گا اور اگر چاہے گا' تو

٣٤٥٢- راجع الذي قبله-

٣٤٥٣- اخرجه البخاري في الاحكام (٧٢١٣) باب: بيعة النساء، و الدارمي (٢/٢٢٠) باب: في بيعة النبي صلى الله عليه وسلم، من طريق يونس به-

Scanned by CamScanner

اُسے معاف کر دے گا۔

3454- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِى الثَّلْجِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيَّ اَنَّهُ سَمِعَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ يَقُوْلُ بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى رَهْطٍ فَقَالَ اُبَايِعُكُمْ عَلٰى اَنْ لَّا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ وَلَا تَاْتُوا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهُ بَيْنَ اَيْدِيكُمْ وَاَرْجُلِكُمْ وَلَا تَعْصُوا فِى مَعْرُوْفٍ فَمَنْ وَفٰى مِنْكُمْ فَاَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا - يَعْنِى - فَاُقِيْمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ فَهُوَ لَهُ طُهُوْرٌ وَّمَنْ سَتَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَذٰلِكَ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ وَاِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ.

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے چند ساتھیوں سمیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس بات پر تم سے بیعت لیتا ہوں' تم کسی کو اللہ کا شریک قرار نہیں دو گے' تم چوری نہیں کرو گے' تم زنا نہیں کرو گے' تم اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے' تم کسی پر زنا کا جھوٹا الزام نہیں لگاؤ گے' تم بھلائی کے کام میں نافرمانی نہیں کرو گے' تم میں سے جو شخص (اس عہد کو) پورا کرے گا' اُس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہوگا اور جو شخص ان میں سے کسی ایک جرم کا ارتکاب کرلے' یعنی اُس پر اس کی حد بھی جاری ہو جائے' تو یہ اُس کے لیے پاکی کا باعث بنے گی اور جس شخص کی اللہ تعالیٰ پردہ پوشی کرلے تو اُس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہوگا' اگر وہ چاہے گا' تو (آخرت میں) اُسے عذاب دے گا اور اگر چاہے گا' تو اُس کی مغفرت کر دے گا۔

3455- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِدْرِيْسَ عَائِذُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ - وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَهُوَ اَحَدُ النُّقَبَاءِ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ - اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَحْوَهُ وَقَالَ فِيْهِ وَمَنْ اَصَابَ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ فَعُوقِبَ بِهِ فِى الدُّنْيَا فَهُوَ لَهُ كَفَّارَةٌ.

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ جو غزوۂ بدر میں شریک ہوئے ہیں اور "شب عقبہ" کے نقباء میں سے ایک ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اُس کے بعد اُنہوں نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

۳۴۵۴-اخرجه احمد (۵/ ۳۲۰) و البخاري في التفسير (۴۸۹۴) باب: (اذا جاءك المومنات يبايعنك) و في الحدود (۶۷۸۴) باب: الحدود كفارة' و في التوحيد (۷۴۶۸) باب: في المشيئة و الارادة' و مسلم في الحدود (۱۷۰۹) باب: الحد كفارة' و النسائي في البيعة (۷/ ۱۴۸) باب: البيعة على فراق المشرك' من طريق معمر' به-

۳۴۵۵-اخرجه البخاري في المغازي' و في الاحكام (۷۲۱۳) باب: بيعة النساء' عن ابي اليمان' به- و اخرجه البخاري في الايمان (۱۸) و في مناقب الانصار (۳۸۹۲) و مسلم في الحدود (۱۷۰۹) و الترمذي في الحدود (۱۴۳۹) باب: ما جاء ان الحدود كفارة لاهلها' و النسائي في البيعة (۷/ ۱۴۱-۱۴۲) باب: البيعة علي الجهاد' و (۷/ ۱۶۱-۱۶۲) باب: ثواب من وفي بما بايع عليه' و في الايمان (۸/ ۱۰۸-۱۰۹) باب: البيعة على الاسلام' و ابن الجارود (۸۰۳) والبيهقي في الكبرى (۸/ ۳۲۸) من طرق عن الزهري' به-واخرجه احمد (۵/ ۳۲۰) و مسلم (۱۷۰۹) و ابن ماجه في الحدود (۲۶۰۳) باب: الحد كفارة' و ابن حبان (۴۴۰۵) منطريق خالد الحذاء عن ابي قلابة عن ابي اسماء عن عبادة' به-

Scanned by CamScanner

تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: جو شخص ان میں سے کسی ایک جرم کا ارتکاب کرلے اور اُسے دنیا میں اُس کی سزا دے دی جائے تو یہ اُس کے لیے کفارہ بن جائے گی۔

3456 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ اَبِى السَّفَرِ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ جُحَيْفَةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَذْنَبَ فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا ذَنْبًا فَعُوقِبَ بِهٖ فَاللّٰهُ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يُّثَنِّىَ عُقُوْبَتَهٗ عَلٰى عَبْدِهٖ وَمَنْ اَذْنَبَ فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا ذَنْبًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَفَا عَنْهُ فَاللّٰهُ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يَّعُوْدَ فِىْ شَىْءٍ عَفَا عَنْهُ.

★★ حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص دنیا میں کسی گناہ کا ارتکاب کرے اور اُسے سزا دے دی جائے' تو اللہ تعالیٰ کی شان اس سے بلند تر ہے کہ وہ اُس بندے کو دوبارہ اُس کی سزا دے اور جو شخص دنیا میں کسی گناہ کا ارتکاب کرے اور اللہ تعالیٰ اُس کی پردہ پوشی کرلے اور اُسے معاف کردے' تو اللہ تعالیٰ کی شان اس سے بلند ہے کہ وہ اُسے دوبارہ اُس چیز کی سزا دے' جسے وہ پہلے معاف کرچکا ہے۔

۳۴۵٦-اخرجه الترمذي في الايمان (۱۷/۵) باب: ما جاء لا يزني الزاني و هو مومن (۲٦۲٦): حدثنا ابو عبيدة بن ابي السفر' و اسمه: احمد بن عبد الله الهمداني الكوفي...... به-و اخرجه ابن ماجه في الحدود (۸٦۸/۲) باب: الحد كفارة (۲٦۰٤) عن هارون بن عبد الله الحمال' ثنا حجاج بن محمد' به-وقال الترمذي: (حديث حسن غريب صحيح)-

Scanned by CamScanner

15- كِتَابُ النِّكَاحِ

نکاح کا بیان

1 نکاح کا لغوی معنی:

نکاح کا لغوی مطلب "ضم کر دینا" اور "ایک چیز کو دوسرے میں داخل کر دینا ہے"۔

جیسے عربی کا مقولہ ہے: "نکحت البر فی الارض" (گندم زمین میں داخل ہوگئی)۔

یعنی وہ اُس کے اندر داخل ہو گیا' یہ جملہ اُس وقت استعمال ہوتا ہے جب آپ اُسے زمین میں بو دیں'

اسی طرح عربی کا مقولہ ہے: "نکح المطر الارض" (بارش نے زمین سے نکاح کر لیا)۔

یہ جملہ اُس وقت استعمال ہوتا ہے جب بارش زمین میں جذب ہو جائے۔

اسی طرح عربی میں یہ جملہ استعمال ہوتا ہے: "نکحت الحصی اخفاف الابل" (سنگریزے اونٹ کے کھروں میں داخل ہو گئے)۔

ان تمام صورتوں میں ایک چیز محسوس طور پر دوسری چیز میں داخل ہو گئی ہے۔

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کوئی چیز معنوی اعتبار سے دوسری چیز میں داخل ہو جاتی ہے' جیسے عربی کا مقولہ ہے:

"نکح النعاس العین" (اونگھ نے آنکھ کے ساتھ نکاح کر لیا)۔

یعنی آنکھوں میں نیند داخل ہو گئی۔

لغوی اعتبار سے لفظ نکاح' حقیقت میں' وطی (یعنی صحبت کرنے) کیلئے استعمال ہوتا ہے اور مجازی طور پر "عقد" پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔

جیسے مشہور عرب شاعر فرزدق کا یہ شعر ہے:

التارکین علی طهر نساء هم والناکحین بشطی دجلة البقرا

"وہ لوگ اپنی عورتوں کے طہر (شرمگاہیں) چھوڑ کر دریائے دجلہ کے کنارے گائے کے ساتھ نکاح کرتے ہیں"۔

لفظ نکاح' مجازی طور پر "عقد" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے' کیونکہ عقد میں "ضم کرنے" کا مفہوم پایا جاتا ہے' اور نکاح کا حقیقی معنی "ضم کرنا" ہے۔

Scanned by CamScanner

لفظ نکاح کے "ضم کرنے" کے مفہوم پر دلالت کرنے کی دلیل شاعر کا یہ شعر ہے:

ضممت الی صدری معطر صدرها	کما نکحت ام الغلام حبیبها

"میں نے اُس کے معطر سینہ کو اپنے سینہ کے ساتھ یوں ضم کر لیا' جیسے بچے کی ماں اپنے محبوب (بچے) کو اپنے ساتھ لگا لیتی ہے"۔

یہاں دوسرے مصرعے میں نکاح "ضم کرنے" کے مفہوم میں استعمال ہوا ہے۔

بعض اہلِ علم اس بات کے قائل ہیں: لفظ نکاح' حقیقت کے اعتبار سے "عقد" کا مفہوم واضح کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے' جبکہ وطی کا مفہوم واضح کرنے کیلئے اس کا استعمال مجازی اعتبار سے ہوتا ہے۔

بعض اہلِ علم اس بات کے قائل ہیں: لفظ نکاح' وطی اور عقد دونوں مفاہیم کیلئے مشترک کی حیثیت رکھتا ہے' اس لیے قرائن کے ذریعے اس بات کا تعین کیا جائے گا کہ کسی عبارت میں اس سے مراد وطی ہے' یا عقد ہے۔ کیونکہ یہ ان دونوں مفاہیم کیلئے حقیقی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

فقہاء کے درمیان بھی اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ کیا لفظ نکاح' وطی اور عقد دونوں کیلئے حقیقی اعتبار سے استعمال ہوتا ہے' یا یہ ان دونوں میں سے کسی ایک مفہوم کیلئے حقیقی طور پر استعمال ہوتا ہے اور دوسرے مفہوم کیلئے مجازی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

فقہاء کا ایک گروہ اس بات کا قائل ہے: لفظ نکاح' عقد اور وطی دونوں کیلئے حقیقی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

یہ حضرات اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کرتے ہیں: کتاب وسنت کی نصوص میں یہ لفظ کسی قرینہ کی وضاحت کے بغیر کبھی عقد کے مفہوم کیلئے استعمال ہوا اور کبھی وطی کے مفہوم کیلئے استعمال ہوا ہے۔

بعض حنابلہ نے یہ بات بیان کی ہے: زیادہ مناسب یہی ہے کہ لفظ نکاح کو وطی اور عقد دونوں کیلئے حقیقی طور پر استعمال کیا جائے۔

- فقہاء کے اس اختلاف کا ثمرہ اس وقت سامنے آتا ہے' جب ہم قرآن مجید کی اس آیت کا مطالعہ کرتے ہیں:

"وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ"۔

(اور تم اُن عورتوں کے ساتھ نکاح نہ کرو' جن کے ساتھ تمہارے باپ' دادا نے نکاح کیا ہو)۔

جن فقہاء کے نزدیک لفظ نکاح' عقد اور وطی دونوں مفاہیم کیلئے حقیقی طور پر استعمال ہوتا ہے' اُن کے نزدیک آدمی کیلئے ایسی کسی عورت کے ساتھ نکاح کرنا' جائز نہیں ہوگا جس کے ساتھ اُس کے باپ' دادا میں سے کسی نے "عقدِ نکاح" کیا ہو' اور اسی طرح ایسی کسی عورت کے ساتھ بھی نکاح کرنا جائز نہیں ہوگا جس عورت کے ساتھ اُس کے باپ' دادا میں سے کسی ایک نے وطی کی ہو' کیونکہ لفظ نکاح' عقد اور وطی دونوں کیلئے حقیقی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر کسی عورت کے ساتھ کسی شخص کے باپ' دادا میں سے کسی ایک نے حرام طور پر وطی کی ہو' تو ایسی

Scanned by CamScanner

عورت کے ساتھ نکاح کرنا بھی اُس شخص کیلئے جائز نہیں ہوگا۔

شافعیہ، مالکیہ کے نزدیک نکاح کا حقیقی معنی عقد ہے اور وطی کیلئے یہ مجازی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

فقہاءِ احناف کے نزدیک نکاح کا حقیقی معنی وطی ہے، جبکہ عقد کیلئے یہ مجازی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

اس بارے میں فقہاء کے درمیان بڑی تفصیلی بحث پائی جاتی ہے اور اس بحث کے نتیجے میں بہت سی جزئیات میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہو جاتا ہے، جیسا کہ ہم نے سابقہ سطور میں ایک مسئلہ کے بارے میں اختلاف کی طرف اشارہ کیا ہے۔

نکاح کا حکم

نکاح کے حکم کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

جمہور اس بات کے قائل ہیں: نکاح کرنا مستحب ہے۔

اصحاب ظواہر کے نزدیک نکاح کرنا واجب ہے۔

مالکی مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے متاخرین فقہاء نے یہ رائے پیش کی ہے:

بعض لوگوں کے حق میں نکاح کرنا واجب ہے، بعض لوگوں کے حق میں نکاح کرنا مستحب ہے، بعض لوگوں کے حق میں نکاح کرنا مباح ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ جس شخص کو زنا میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو، اُس کیلئے نکاح کو واجب قرار دیا جائے گا، لیکن اگر کسی شخص کو اپنے حوالے سے ایسے کسی گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہو، تو اُس کیلئے نکاح کو واجب قرار نہیں دیا جائے گا۔

فقہاء کے درمیان اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے کہ قرآن نے نکاح کے بارے میں "فعلِ امر" کا صیغہ استعمال کیا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

"فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاءِ" (النساء:۳)

(تمہیں جو عورتیں پسند ہوں تم اُن کے ساتھ نکاح کرلو)۔

اس آیت میں لفظ "فَانْكِحُوْا" عربی گرائمر کے اعتبار سے فعلِ امر کا صیغہ ہے، یعنی ایک ایسا لفظ جس کے ذریعہ مخاطب کو کوئی کام کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔

اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث میں بھی "فعلِ امر" کا صیغہ استعمال ہوا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"انکحوا فانی مکاثر بکم" (تم نکاح کرو، کیونکہ میں تمہاری کثرت کی وجہ سے فخر کروں گا)۔

اس طرح دیگر تمام احادیث و آثار جن میں صیغہ امر کے ذریعہ نکاح کا حکم دیا گیا ہے، وہاں "امر" سے مراد "وجوب" لیا جائے گا، یا استحباب مراد لیا جائے گا، یا پھر اُسے اباحت پر محمول کیا جائے گا؟

جن فقہاء نے صیغہ "امر" کو وجوب کے معنی میں مراد لیا، اُنہوں نے نکاح کو واجب قرار دے دیا۔ جنہوں نے استحباب یا

Scanned by CamScanner

اباحت پر محمول کیا' انہوں نے نکاح کرنے کو مستحب یا مباح قرار دے دیا۔
اُصول فقہاء کے ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ "امر" کا صیغہ بعض اوقات وجوب کیلئے استعمال ہوتا ہے اور بعض اوقات اسے استحباب یا اباحت پر محمول کیا جاتا ہے۔
جیسا کہ ہم نے سابقہ سطور میں اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ بعض فقہاء نے نکاح کے حکم کے بارے میں قیاس کو دلیل بنایا ہے' یعنی اُنہوں نے اپنے قیاس کے ذریعہ یہ حکم بیان کیا ہے کہ ہر شخص کی کیفیت اور حالت کے اعتبار سے اُس کیلئے نکاح کا حکم مقرر کیا جائے گا۔
کیونکہ اس قیاس کے ذریعہ لوگوں کی مصلحت کا خیال رکھا گیا ہے' اس لیے بعض فقہاء کی اصطلاح میں اسے "قیاسِ مرسل" کہا جاتا ہے۔
بہت سے علماء نے قیاس کی اس قسم کا انکار کیا ہے' تاہم فقہاء مالکیہ نے اس مسئلہ میں اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

نکاح کا پیغام دینا

فقہاء کے درمیان اس بارے میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے کہ نکاح کا پیغام بھیجنا واجب ہے' یا نہیں ہے؟
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن خواتین کے ساتھ نکاح کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن خواتین کو نکاح کا پیغام بھیجا تھا۔ اصحابِ ظواہر نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو وجوب پر محمول کرتے ہوئے' یہ بات بیان کی: نکاح کا پیغام بھیجنا واجب ہے۔
تاہم جمہور اس بات کے قائل ہیں کہ نکاح کا پیغام بھیجنا واجب نہیں ہے۔

دوسرے کے پیغام کی موجودگی میں نکاح کا پیغام دینا

اگر کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کا پیغام دیتا ہے اور عورت کے سرپرست اُس رشتہ کے بارے میں غور وفکر کر رہے ہوتے ہیں' تو کیا اس دوران کوئی دوسرا شخص اپنا رشتہ پیش کر سکتا ہے' یا نہیں؟
اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔
اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' اس کا مفہوم یہ ہے:
"کوئی شخص کسی دوسرے کے پیغامِ نکاح کی موجودگی میں اپنے نکاح کا پیغام نہ بھیجے"۔
بعض فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے کہ جب کوئی شخص نکاح کا پیغام بھیجے اور لڑکی کے سرپرست اُس رشتہ کے بارے میں

Scanned by CamScanner

کسی فیصلہ پر نہ پہنچے ہوں' اس دوران کوئی دوسرا شخص اپنا رشتہ بھیج سکتا ہے۔
ان فقہاء نے اپنے اس مؤقف کی تائید میں یہ حدیث پیش کی ہے:
سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا کہ ابوجہم بن حذیفہ اور معاویہ بن ابوسفیان' ان دونوں حضرات نے اُسے نکاح کا پیغام بھیجا ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اما ابوجهم' فرجل لا يرفع عصاه عن النساء' واما معاوية فصعلوك لا مال له' ولكن انكحى اسامة۔

(جہاں تک ابوجہم کا تعلق ہے' تو وہ شخص بیویوں کو مارتا ہے' اور جہاں تک معاویہ کا تعلق ہے' تو وہ کنگال ہے' اُس کے پاس مال نہیں ہے' تم اُسامہ کے ساتھ شادی کرلو)۔

اس حدیث سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حضرت ابوجہم بن حذیفہ اور حضرت معاویہ بن ابوسفیان' دونوں نے ایک ہی وقت میں اُس خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجا تھا' اگر بہ یک وقت دو آدمیوں کا نکاح کا پیغام بھیجنا مطلق طور پر ممنوع ہوتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمادیتے کہ ان دونوں میں سے جس شخص نے پہلے نکاح کا پیغام بھیجا تھا' وہ درست شمار ہوگا اور بعد والے شخص کا نکاح کا پیغام کالعدم قرار دیا جائے گا۔

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکاح کرنے کا مشورہ دیا' بالواسطہ طور پر یہ بھی رشتہ پیش کرنے کے مترادف ہے۔

اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جن احادیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کے پیغام پر پیغام بھیجنے سے منع کیا ہے' اُن سے مراد وہ صورتِ حال ہے جب لڑکی والے کسی ایک رشتے کی طرف مائل ہو چکے ہوں۔

ایک ذیلی اختلاف

سابقہ سطور میں یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ جب لڑکی والے کسی ایک رشتہ کی طرف مائل ہو چکے ہوں تو اب کسی شخص کیلئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اپنا رشتہ بھیج دے۔ لیکن یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص ایسا کر لیتا ہے اور لڑکی والے اپنی بیٹی کی شادی اُس دوسرے شخص کے ساتھ کر دیتے ہیں تو دوسرے شخص کا عمل' حدیث کے حکم کے خلاف ہے' تو پھر اُس کے نکاح کا حکم کیا ہوگا؟

داؤد ظاہری اس بات کے قائل ہیں کہ ایسی صورت میں اُس دوسرے شخص کے ساتھ کیا ہوا نکاح' فسخ ہو جائے گا۔

امام شافعی اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک ایسی صورت میں نکاح' فسخ نہیں ہوگا۔

امام مالک سے اس بارے میں دونوں طرح کی روایات منقول ہیں' ایک روایت کے مطابق اُن کے نزدیک' ایسی صورت میں نکاح' فسخ ہو جائے گا' اور دوسری روایت کے مطابق اُن کے نزدیک' ایسی صورت میں نکاح' فسخ نہیں ہوگا۔

Scanned by CamScanner

پیغام نکاح کے وقت عورت کو دیکھنا

جب کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ شادی کرنا چاہتا ہو تو کیا اُس کیلئے یہ بات جائز ہوگی کہ وہ عورت کو ایک نظر دیکھ لے؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

نکاح کے پیغام کے وقت مطلق طور پر عورت کو دیکھنے کے بارے میں احادیث منقول ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"کنت عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاتاہ رجل فاخبرہ انہ تزوج امرأۃ من الانصار' فقال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم انظرت الیہا؟ قال لا' قال فاذھب فانظر الیہا فان فی اعین الانصار شیئا"۔

"ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا' ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اُس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا کہ اُس نے ایک انصاری خاتون کے ساتھ شادی کر لی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے (شادی کرنے سے پہلے) اُسے دیکھ لیا تھا؟ اُس شخص نے جواب دیا: جی نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جاؤ اور اُسے دیکھ لو' کیونکہ انصار کی آنکھوں میں کچھ ہوتا ہے"۔

اسی طرح حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں:

"سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا خطب احدکم المرأۃ فقدر ان یری منہا بعض ما یدعوہ الی نکاحہا فلیفعل"۔

"میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جب کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے' تو اگر اُس کیلئے ممکن ہو کہ وہ عورت کا وہ حصہ (یعنی چہرہ) دیکھ سکے' جس کے نتیجہ میں وہ نکاح کا فیصلہ کر سکے تو اُس شخص کو ایسا کر لینا چاہیے"۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"ان المغیرہ بن شعبۃ خطب امرأۃ فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذھب فانظر الیہا فانہ احری ان یؤدم بینکما قال فذھب فنظر الیہا فذکر من موافقتہا"۔

"حضرت مغیرہ بن شعبہ نے ایک خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم جا کر اُسے دیکھ لو! کیونکہ اس کے نتیجہ میں تمہارے درمیان محبت پیدا ہوگی۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے جا کر اُس عورت کو دیکھا۔

پھر راوی نے اُس کی موافقت کا ذکر کیا ہے"۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"خطبت امراۃ فذکرتها لرسول اللّٰه صلی الله علیه وسلم فقال لی هل نظرت الیها؟ فقلت لا .
قال فانظر الیها فانه احری ان یؤدم بینکما"۔

"میں نے ایک عورت کو نکاح کا پیغام بھیجا' میں نے اس کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: کیا تم نے اُسے دیکھا ہے؟ میں نے عرض کی: جی نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اُسے دیکھ لو' کیونکہ یہ اس بات کے لائق ہے کہ اس کے نتیجے میں تم دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو"۔

حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"خطبت امراۃ فجعلت اتخبا لها حتی نظرت الیها فی نخل لها' فقیل له اتفعل هذا وانت صاحب رسول اللّٰه صلی الله علیه وسلم؟ فقال سمعت رسول اللّٰه صلی الله علیه وسلم یقول اذا القی اللّٰه فی قلب امری خطبة امراۃ فلا باس ان ینظر الیها"۔

"میں نے ایک خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجا' میں اُسے دیکھنا چاہتا تھا' یہاں تک کہ میں نے اُسے (چھپ کر) اُس کے باغ میں دیکھ لیا' تو حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: آپ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہو کر یہ کام کر رہے ہیں (یعنی عورت کو چھپ کر دیکھ رہے ہیں)؟ تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جب اللہ تعالیٰ کسی شخص کے ذہن میں یہ بات ڈال دے کہ وہ کسی عورت کو نکاح کا پیغام بھیجے تو اُس شخص کے اُس عورت کو دیکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے"۔

یہ تمام روایات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ کوئی شخص اگر کسی عورت کو نکاح کا پیغام بھیجتا ہے' تو اُس کیلئے یہ بات جائز ہے کہ وہ اُس عورت کو دیکھ لے۔

ایسا شخص اُس عورت کے جسم کے کس حصہ کو دیکھ سکتا ہے؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام مالک کے نزدیک ایسی عورت کے چہرہ اور دونوں ہاتھوں کو دیکھا جا سکتا ہے۔

امام ابوحنیفہ کے نزدیک ایسی عورت کے چہرہ اور پاؤں دیکھے جا سکتے ہیں۔

فقہاء کے درمیان اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ احادیث میں مطلق طور پر یہ بات ذکر کی گئی ہے کہ آدمی جس عورت کو نکاح کا پیغام بھیجتا ہے' وہ اُسے دیکھ سکتا ہے' جبکہ عورت کو دیکھنے کی ممانعت کا حکم بھی مطلق ہے۔

چہرہ اور دونوں ہاتھوں یا پاؤں کے استثناء کی وجہ قرآن کی اس آیت کے مدلول میں اختلاف ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا" (النور:۳۱)۔

(اور وہ عورتیں اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں ماسوائے اُس کے جو اُس سے ظاہر ہو)۔

یہاں "ماسوائے اُس کے جو اُس سے ظاہر ہو" سے مراد فقہاء کے نزدیک چہرہ اور دونوں ہاتھ ہیں۔

Scanned by CamScanner

قیاسی طور پر اس کی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ حالتِ احرام میں عورت کیلئے چہرہ اور دونوں ہاتھ کھلے رکھنا جائز ہے۔

اذنِ نکاح کا حکم

یہاں اذنِ نکاح سے مراد نکاح کے فریقین کا اپنے نکاح کے بارے میں رضامندی کا اظہار ہے۔

مردوں کیلئے یہ بات ضروری ہے کہ وہ زبانی طور پر نکاح سے راضی ہونے کا اظہار کریں۔

یہاں مردوں کا حکم اس لیے بیان کیا گیا ہے' کیونکہ عرب معاشرہ میں یہ رواج تھا کہ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا کہ کسی مرد کا کوئی ولی' کسی عورت کے ساتھ اُس مرد کا ''عقدِ نکاح'' کر دیتا۔

ہمارے زمانہ میں اس کی صورت یوں ہو سکتی ہے کہ جیسے کوئی شخص بیرونِ ملک مقیم ہو اور ملک میں اُس کا کوئی سرپرست کسی عورت کے ساتھ اُس کا نکاح کر دے۔

ایسی صورت میں جب مرد کو اُس نکاح کی اطلاع ملے' تو اُس کیلئے زبانی طور پر اس کا اعتراف کرنا' یا اس کی اجازت دینا ضروری ہوگا۔

ثیبہ عورت' یعنی وہ عورت جس کی پہلے شادی ہو چکی ہو اور پھر وہ مطلقہ یا بیوہ ہو جائے' نکاح کے اِذن میں اُس کا حکم بھی مردوں کا سا ہے' یعنی ثیبہ عورت کی طرف سے زبانی اجازت ضروری ہوگی۔

کنواری لڑکی کے اذن کا طریقہ کیا ہوگا؟

اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

اکثر فقہاء اس بات کے قائل ہیں کہ جب کسی کنواری لڑکی سے نکاح کے بارے میں دریافت کیا جائے اور وہ خاموش رہے' تو اُس کی یہ خاموشی' رضامندی شمار ہوگی' جیسا کہ بعض احادیث سے بھی یہ بات ثابت ہے۔

لیکن اگر کنواری لڑکی نکاح کو مسترد کرنا چاہے' تو اُسے لفظی طور پر' یعنی کلام کے ذریعہ اسے مسترد کرنا ہوگا۔

بعض متاخرین شوافع نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ اگر کنواری لڑکی کا نکاح' باپ یا دادا کے علاوہ کسی اور شخص نے کروایا ہو' تو اب اس صورت میں اُس کی لفظی رضامندی کا حصول ضروری ہوگا۔

ثیبہ کیلئے لفظی رضامندی ضروری ہونا اور کنواری کی خاموشی اُس کی رضامندی شمار ہونا' یہ حکم درج ذیل حدیث سے ثابت ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''الایم احق بنفسها من وليها' والبكر تستامر فی نفسها واذنها صماتها''۔

''ثیبہ (مطلقہ یا بیوہ) عورت اپنے ولی کی بہ نسبت' اپنے بارے میں زیادہ حق رکھتی ہے' اور باکرہ (کنواری) لڑکی سے اُس کی ذات کے بارے میں مرضی معلوم کی جائے گی' اُس کی خاموشی اُس کی اجازت شمار ہوگی''۔

Scanned by CamScanner

کن الفاظ کے ذریعہ نکاح منعقد ہو جاتا ہے؟ اور کن الفاظ کے ذریعہ نکاح منعقد نہیں ہوتا ہے؟

کن الفاظ کے ذریعہ نکاح منعقد ہو جاتا ہے؟ اور کن الفاظ کے ذریعہ نکاح منعقد نہیں ہوتا ہے؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔ مشہور حنفیہ فقیہہ امام ابوالحسن علی بن ابوبکر فرغانی اپنی مشہور تصنیف "الہدایہ" میں تحریر کرتے ہیں:

"یہ (نکاح) لفظ نکاح، تزویج، ہبہ، تملیک اور صدقہ کے ذریعے بھی منعقد ہو جاتا ہے۔

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ صرف لفظ نکاح اور تزویج کے ذریعے ہی منعقد ہوتا ہے، کیونکہ لفظ تملیک اس کے بارے میں حقیقی مفہوم نہیں رکھتا اور اسے مجازی طور پر بھی استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ (لفظ) تزویج، تلفیق (ملانے) کے لئے استعمال ہوتا ہے اور لفظ نکاح، ضم (ملانے) کے لئے استعمال ہوتا ہے، لیکن مالک اور مملوک کے درمیان اصل کے اعتبار سے زوج ہونے کا مفہوم نہیں پایا جاتا۔

ہماری دلیل یہ ہے: جب تملیک، ملک رقبہ کے واسطے سے، ملک متعہ کے، اس کے محل میں ہونے کا، سبب ہے اور یہ بات نکاح میں بھی ثابت ہوتی ہے اور یہ سببیت، مجاز کے اعتبار سے ہوگی"۔

(حوالہ: الہدایہ (مع ترجمہ وتشریح) مطبوعہ: شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور)

کیا غلام کو نکاح پر مجبور کیا جا سکتا ہے؟

کیا غلام کو نکاح پر مجبور کیا جا سکتا ہے؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ آقا اپنے غلام کو نکاح کرنے پر مجبور کر سکتا ہے، یعنی زبردستی اُس کا نکاح کر سکتا ہے، امام ابوحنیفہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام شافعی نے یہ رائے پیش کی ہے کہ آقا اپنے غلام کا نکاح زبردستی نہیں کر سکتا۔

ان فقہاء کے درمیان اختلاف کا سبب یہ ہے کہ آیا غلام کا نکاح، آقا کے حقوق سے تعلق رکھتا ہے، یا یہ آقا کے حقوق سے تعلق نہیں رکھتا؟

نکاح میں کن خواتین کی رضامندی کا اعتبار ہوگا؟

نکاح میں کن خواتین کی رضامندی کا اعتبار ہوگا؟ اور کن خواتین کی رضامندی کا اعتبار نہیں کیا جائے گا؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

تمام فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ "ثیبہ بالغہ" یعنی وہ عورت جو بالغ ہو اور اُس کی ایک مرتبہ شادی ہو چکی ہو، جس کے بعد وہ

Scanned by CamScanner

بیوہ یا مطلقہ ہو چکی ہو اُس کی رضامندی کا اعتبار کیا جائے گا' اس کی دلیل یہ حدیث ہے:

عدی بن عدی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''والثیب تعرب عن نفسھا''۔

''ثیبہ عورت اپنی رضامندی (کالفظی طور پر) اظہار کرے گی''۔

جولڑکی بالغ ہو اور کنواری ہو' یا جولڑکی ثیبہ ہو لیکن نابالغ ہو' اُس کی رضامندی کا حکم کیا ہوگا؟

امام مالک' امام شافعی اور شیخ ابن ابی لیلیٰ اس بات کے قائل ہیں کہ ایسی لڑکی کا صرف باپ' اُس کی زبردستی شادی کرسکتا ہے' دوسرے کسی بھی سرپرست کو اُس کی زبردستی شادی کرنے کا حق حاصل نہیں ہوگا۔

امام ابوحنیفہ' سفیان ثوری' امام ابوعبدالرحمٰن الاوزاعی اور فقہاء کے ایک گروہ کے نزدیک بالغ لڑکی کی رضامندی ضروری ہے' اُس کی رضامندی کے بغیر اُس کا باپ بھی اُس کی شادی زبردستی نہیں کرسکتا۔

امام مالک سے ایک روایت یہ بھی منقول ہے کہ جس کنواری لڑکی کی عمر زیادہ ہو چکی ہو' شادی میں اُس کی رضامندی ضروری ہوگی۔

فقہاء کے درمیان اس مسئلہ میں اختلاف کا سبب یہ ہے کہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''لا تنکح المرأۃ الیتیمۃ الا باذنھا''۔

''کنواری لڑکی کی شادی اُس کی اجازت کے بغیر نہ کی جائے''۔

اسی طرح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تستامر الیتیمۃ فی نفسھا''۔

''کنواری لڑکی سے اُس کی ذات کے بارے میں اجازت لی جائے گی''۔

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کنواری لڑکی کی اجازت کے بغیر اُس کی شادی نہیں کی جاسکتی اور اس میں ایسا کوئی استثناء ذکر نہیں ہے کہ باپ یا کوئی اور ولی' کنواری لڑکی کی شادی زبردستی کرسکتا ہے۔

نابالغ ثیبہ کا حکم

جولڑکی نابالغ ہو' لیکن ثیبہ ہو' کیا اُس کی زبردستی شادی کی جاسکتی ہے؟

امام مالک اور امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ ثیبہ کا والد' اُس کی شادی' زبردستی کرسکتا ہے۔

امام شافعی کے نزدیک اُس لڑکی کا باپ بھی اُس کی زبردستی شادی نہیں کرسکتا۔

فقہاء مالکیہ کے نزدیک اس بارے میں تین آراء ہیں:

Scanned by CamScanner

(i) شیخ اشہب مالکی اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ ثیبہ لڑکی' جب تک بالغ نہیں ہو جاتی' اُس کا باپ اُس کی شادی' زبردستی کر سکتا ہے۔

(ii) شیخ سحنون مالکی اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ ثیبہ لڑکی' بالغ ہو بھی جائے' تو بھی اُس کا باپ اُس کی شادی' زبردستی کر سکتا ہے۔

(iii) شیخ ابوتمام مالکی اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ ثیبہ لڑکی' بالغ نہ بھی ہو' تو بھی اُس کا باپ اُس کی شادی' زبردستی نہیں کر سکتا ہے۔

زبردستی کی علت کیا ہے؟

جن فقہاء کے نزدیک لڑکی کا باپ اُس کی شادی زبردستی کر سکتا ہے' اُن فقہاء کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ زبردستی کی اس اجازت کی علت کیا ہے؟ لڑکی کا نابالغ ہونا' یا کنواری ہونا؟

جن فقہاء کے نزدیک لڑکی کا نابالغ ہونا' اس حکم کی علت ہے' اُن کے نزدیک اگر بالغ لڑکی کنواری ہو' تو بھی اُس کا باپ اُس کی زبردستی' شادی نہیں کر سکتا۔

جن فقہاء کے نزدیک لڑکی کا کنواری ہونا' اس حکم کی علت ہے' اُن کے نزدیک اگر کوئی ثیبہ لڑکی' نابالغ ہو' تو بھی اُس کا باپ اُس کی شادی زبردستی نہیں کر سکتا۔

جبکہ بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں کہ یہ دونوں چیزیں اس حکم کی علت قرار دی جا سکتی ہیں اور ان دونوں میں سے کوئی ایک بھی اگر انفرادی طور پر پائی جائے' تو وہ زبردستی کے حکم کی علت بن سکتی ہے۔ اس اعتبار سے اگر کوئی لڑکی کنواری ہو' یا نابالغ ہو' تو اُس کا باپ اُس کی شادی زبردستی کر سکتا ہے' خواہ وہ کنواری لڑکی بالغ ہو' یا وہ نابالغ لڑکی' ثیبہ ہو۔

ثیبہ ہونے کا معیار کیا ہے؟

وہ ثیبہ ہونا' جس کی موجودگی میں لڑکی کا سرپرست اُس کی شادی' زبردستی نہیں کر سکتا' اس سے مراد کیا ہے؟

اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام ابوحنیفہ اور امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ جو عورت صحیح نکاح' شبہ نکاح' یا ملکیت کی وجہ سے ثیبہ ہو' اُس کا سرپرست اُس کی شادی' زبردستی نہیں کر سکتا اور اُس کیلئے لفظی طور پر رضامندی کا اظہار ضروری ہوگا۔

اگر کسی عورت کے ساتھ زنا کر لیا جائے' یا کسی کی کنیز کو غصب کر کے اُس کنیز کے ساتھ صحبت کر لی جائے' تو اس وجہ سے وہ عورت ثیبہ شمار نہیں ہوگی۔

Scanned by CamScanner

یہ حکم امام ابوحنیفہ اور امام مالک کے نزدیک ہے۔

امام شافعی یہ فرماتے ہیں: عورت خواہ کسی بھی وجہ سے ثیبہ ہو' جب وہ ثیبہ ہو جائے گی تو اب اُس کی زبردستی' شادی نہیں کی جاسکتی۔

ان فقہاء کے درمیان اختلاف کا سبب یہ ہے کہ جن احادیث میں لفظ ''ثیبہ'' استعمال ہوا ہے' وہاں اس سے مراد اس کا شرعی مفہوم ہے' یا لغوی مفہوم ہے؟

امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس سے مراد شرعی مفہوم ہوگا اور زنا اور غصب' کیونکہ اس شرعی مفہوم میں شامل نہیں ہوتے' اس لیے ان کے ذریعہ ثیبہ ہونا ثابت نہیں ہوگا۔ جبکہ امام شافعی لغوی حکم کا اعتبار کرتے ہیں' اس لیے زنا اور غصب کے نتیجہ میں اُن کے نزدیک ثیبہ ہونے کا حکم ثابت ہو جائے گا۔

نابالغ لڑکی کے نکاح کا حکم

تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ باپ اپنے نابالغ بیٹے کی شادی' زبردستی کر سکتا ہے۔

اسی طرح باپ اپنی نابالغ بیٹی کی شادی' زبردستی کر سکتا ہے' یعنی اُسے اس بارے میں اپنے نابالغ بیٹے یا نابالغ بیٹی سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے اور باپ کا کیا ہوا یہ نکاح ثابت شمار ہوگا' جس پر نکاح سے متعلق تمام احکام جاری ہوں گے۔

فقہاء کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ باپ کے علاوہ کوئی اور سرپرست' نابالغ لڑکے یا نابالغ لڑکی کی شادی' اُس کی اجازت کے بغیر کر سکتا ہے' یا نہیں؟

یہ دو مسئلے ہیں' باپ کے علاوہ کوئی اور سرپرست نابالغ لڑکے کی شادی' زبردستی کر سکتا ہے؟

امام مالک کے نزدیک نابالغ لڑکے کے باپ نے جس شخص کو اپنا وصی مقرر کیا ہو' وہ اُس نابالغ لڑکے کی شادی' اُس کی اجازت کے بغیر کر سکتا ہے۔

امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ لڑکے کا کوئی بھی سرپرست اُس کی شادی کر سکتا ہے' لیکن اس صورت میں حکم یہ ہوگا کہ جب وہ لڑکا بالغ ہو جائے گا' تو اُسے اپنے سرپرست کی کروائی ہوئی اُس شادی کو برقرار رکھنے یا کالعدم قرار دینے کا اختیار ہوگا۔

امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ باپ کے علاوہ اور کوئی بھی سرپرست' نابالغ لڑکے کی شادی نہیں کروا سکتا۔

یہاں دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ کیا باپ کے علاوہ کوئی اور سرپرست' نابالغ لڑکی کی شادی کروا سکتا ہے' یا نہیں؟

امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ لڑکی کا صرف باپ اُس کی شادی کروا سکتا ہے' اور کوئی بھی سرپرست اُس کی شادی نہیں کروا سکتا۔

امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ لڑکی کا باپ اور دادا اُس کی شادی کروا سکتے ہیں' ان دونوں کے علاوہ کوئی دوسرا

Scanned by CamScanner

رشتہ دار اُس کی شادی نہیں کروا سکتا۔

امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ لڑکی کا کوئی بھی سرپرست' اُس کی شادی کروا سکتا ہے' البتہ جب وہ لڑکی بالغ ہو جائے گی تو اُسے اُس نکاح کو برقرار رکھنے یا کالعدم قرار دینے کا اختیار ہوگا۔

سرپرستوں کے احکام

نکاح کی درستگی کیلئے ولی کا ہونا شرط ہے

فقہاء کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ ولی کی موجودگی' نکاح کے صحیح ہونے کیلئے شرط ہے' یا نہیں ہے؟

امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ (عورت کے) ولی کی موجودگی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا' اور ولی کی موجودگی نکاح میں شرط ہے۔

امام شافعی بھی اسی کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

امام ابن شہاب زہری' امام شعبی' امام ابوحنیفہ اور امام زفر کے نزدیک جب کوئی عورت ولی کے بغیر اپنی شادی خود کر لے اور مرد اُس کا کفو ہو' تو یہ نکاح درست ہوگا۔

داؤد ظاہری کے نزدیک کنواری لڑکی کی شادی میں اُس کے ولی کی موجودگی ضروری ہے' جبکہ ثیبہ کی شادی میں ولی کی موجودگی ضروری نہیں ہے۔

جن فقہاء نے ولی کی موجودگی کو شرط قرار دیا ہے' اُنہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں قرآن مجید کی یہ آیت پیش کی ہے:

''وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ'' (البقرہ:۲۳۲)۔

''اور جب تم عورتوں کو طلاق دیدو اور اُن کی عدت پوری ہو جائے' تو تم اُن عورتوں کو اس بات سے نہ روکو کہ وہ اپنے سابقہ شوہروں کے ساتھ (دوبارہ) شادی کر لیں''۔

اس آیت میں لڑکی کے اولیاء کو مخاطب کیا گیا ہے' اگر لڑکی کے سرپرست کا نکاح میں کوئی اثر نہ ہوتا' تو اُن لوگوں کو اُن خواتین کو روکنے سے منع نہ کیا جاتا' بلکہ براہِ راست خواتین کو یہ حکم دیا جاتا۔

اسی طرح دوسرے مقام پر ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا'' (البقرہ:۲۲۱)۔

''تم (اپنی خواتین کا) مشرکین کے ساتھ نکاح نہ کرو' جب تک وہ مؤمن نہ ہو جائیں''۔

اس آیت میں بھی لڑکی کے اولیاء کو مخاطب کیا گیا ہے۔

اس مؤقف کی قائلین کی تیسری بنیادی دلیل وہ حدیث ہے' جسے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نقل کیا ہے۔

Scanned by CamScanner

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایما امرأة نکحت بغیر اذن ولیہ فنکاحها باطل ثلاث مرات وان دخل بها فالمهر لها بما اصاب منها فان اشتجروا' فالسلطان ولی من لا ولی له''۔

''جس عورت کا نکاح اُس کے ولی کی اجازت کے بغیر کر دیا جائے' تو اُس کا نکاح باطل شمار ہوگا' یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔ (پھر فرمایا:) اگر مرد نے (ایسے نکاح کے بعد) اُس عورت کے ساتھ صحبت کر لی' تو اُس صحبت کی وجہ سے اُس عورت کو مہر ملے گا اور اگر (لڑکی کے سرپرستوں کے درمیان) اختلاف ہو جائے' تو جس (عورت) کا کوئی ولی نہ ہو' حاکمِ وقت اُس کا ولی ہوتا ہے''۔

شیخ ابن جریج نے یہ بات بیان کی ہے کہ اُنہوں نے امام ابن شہاب زہری سے اس روایت کے بارے میں دریافت کیا' تو ابن شہاب اس سے واقف نہیں تھے۔

علماء نے یہ بات بیان کی ہے کہ امام ابن شہاب زہری' جنہوں نے عروہ کے حوالے سے' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس حدیث کو نقل کیا ہے' خود اُن کے نزدیک بھی عورت کے نکاح میں ولی کی موجودگی شرط نہیں ہے۔

اسی طرح خود سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک بھی عورت کے نکاح میں ولی کی موجودگی شرط نہیں ہے۔

بعض حضرات ولی کی موجودگی شرط ہونے کی دلیل کے طور پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول یہ حدیث پیش کرتے ہیں:

''لا نکاح الا بولی' وشاهدی عدل''۔

''ولی اور دو گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوتا''۔

لیکن اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ یہ روایت ''مرفوع'' ہے' یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے طور پر منقول ہے؟ یا یہ ''موقوف'' ہے' یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کے طور پر منقول ہے؟

جن حضرات کے نزدیک لڑکی کے نکاح میں ولی کی موجودگی شرط نہیں ہے' اُنہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں قرآن کی یہ آیت دلیل کے طور پر پیش کی ہے:

''فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ'' (البقرہ: ۲۴۰)۔

''اور تم پر اُس حوالے سے کوئی گناہ نہیں ہوگا' جو وہ عورتیں اپنی ذات کے بارے میں مناسب طور پر کرتی ہیں''۔

اس میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ عورت اپنا عقدِ نکاح خود کر سکتی ہے۔

اسی طرح دوسری آیات میں نکاح کرنے کے فعل کی نسبت' خواتین کی طرف کی گئی ہے جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ''۔

''وہ عورتیں اپنے (سابقہ) شوہروں کے ساتھ نکاح کر لیں''۔

Scanned by CamScanner

دوسرے مقام پر ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

"حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ" (البقرہ:۲۳۰)۔

"یہاں تک کہ وہ عورت دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لے"۔

جن حضرات نے عورت کے نکاح میں اُس کے ولی کی موجودگی کو شرط قرار نہیں دیا' اُنہوں نے اپنے اس مؤقف کی تائید میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول یہ حدیث پیش کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"الايم احق بنفسها من وليها' والبكر تستامر فى نفسها' واذنها صماتها"۔

"ثیبہ عورت اپنی ذات کے بارے میں' اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے' جبکہ کنواری لڑکی سے اجازت لی جائے گی اور اُس کی خاموشی اُس کی اجازت ہوگی"۔

(اس حدیث کی تخریج پہلے گزر چکی ہے)

شیخ داؤد ظاہری نے اسی حدیث کی بنیاد پر ولی کے مسئلہ میں ثیبہ اور باکرہ کے درمیان فرق بیان کیا ہے۔

جن حضرات نے نکاح میں ولی کی موجودگی کو شرط قرار نہیں دیا' وہ اپنے اس مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ اگر شارع کے نزدیک نکاح میں ولی کی موجودگی شرط ہوتی تو شارع ولی کی اجناس' اصناف اور مراتب کے احکام بیان کر دیتے' کیونکہ نکاح ایک ایسا عقد ہے' جو اسلامی معاشرہ کا ایک اہم جزء ہے' اس لیے اس سے متعلق ضروری احکام کی وضاحت کو ترک کرنا ممکن نہیں ہے' اگر ولی کی موجودگی شرط ہوتی تو یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تواتر کے ساتھ منقول ہونی چاہیے تھی' حالانکہ درحقیقت ایسا نہیں ہے۔

ولی کی بحث

کتب فقہ میں ولی کے حوالے سے کچھ مباحث مذکور ہیں۔

- تمام فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ ولی کیلئے مسلمان ہونا' بالغ ہونا' آزاد ہونا اور مرد ہونا شرط ہے۔

کوئی غیر مسلم' نابالغ یا کوئی خاتون ولی نہیں بن سکتے۔

غلام' فاسق شخص اور سفیہہ (یعنی ایسا شخص جس کا ذہنی توازن ٹھیک نہ ہو) ولی بن سکتے ہیں یا نہیں؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

اکثر فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے کہ کوئی غلام ولی نہیں بن سکتا' جبکہ امام ابوحنیفہ نے اسے درست قرار دیا ہے۔

اسی طرح فقہاء میں اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ ولی کیلئے سمجھدار ہونا ضروری ہے؟

امام شافعی کے نزدیک یہ ضروری ہے' جبکہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک ضروری نہیں ہے۔

Scanned by CamScanner

امام مالک' ایک روایت کے مطابق' امام شافعی کا سا مؤقف رکھتے ہیں۔
فقہاء کے درمیان اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ اس ولایت کو' مال میں تصرف کی ولایت پر قیاس کیا جائے گا؟

ولی کی اصناف

جو حضرات ولایت کو شرط قرار دیتے ہیں' اُن کے نزدیک ولی کی چار بنیادی قسمیں ہیں۔
نسب' حاکمِ وقت' مولیٰ اعلیٰ' مولیٰ اسفل۔
جو لڑکی کسی بڑے خاندان کی نہ ہو' امام مالک کے نزدیک کوئی بھی مسلمان اُس کا ولی بن سکتا ہے۔
اگر لڑکی کے والد نے کسی شخص کو وصی مقرر کیا ہو' تو کیا وہ شخص بھی اُس لڑکی کا ولی شمار ہوگا' یا نہیں؟
امام مالک کے نزدیک وصی' ولی بن سکتا ہے' جبکہ امام شافعی نے اسے ممنوع قرار دیا ہے۔

نسب میں ولایت کی ترتیب

جو لوگ نسب کے اعتبار سے ولی بن سکتے ہوں' اُن میں ولایت کی ترتیب کیا ہوگی؟
امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ ولایت میں ''عصبہ'' ہونے کا اعتبار کیا جائے گا' البتہ بیٹے کا حکم مختلف ہوگا۔
جو شخص ''عصبہ'' ہونے میں قریبی رشتہ دار ہوگا' وہ اس ولایت کا زیادہ حق دار ہوگا۔
امام مالک کے نزدیک ''عصبہ'' رشتہ دار کے مقابلے میں عورت کا بیٹا' ولی بننے کا زیادہ حق دار ہوگا' خواہ وہ لڑکا' عورت کی اولاد ہو' یا اولاد کی اولاد ہو۔
اُس کے بعد عورت کے آباء واجداد' پھر سگے بھائی' پھر صرف باپ کی طرف سے شریک بھائی' پھر سگے بھائی کے بیٹے' پھر باپ کی طرف سے شریک بھائی کے بیٹے' پھر باپ کے باپ دادا' خواہ وہ اوپر کے مرتبہ کے ہوں' وغیرہ ولی بنیں گے۔
امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ بیٹا' ولی نہیں بن سکتا۔
اس مسئلہ میں' یعنی اولیاء کی ترتیب میں فقہاء کے درمیان بہت سے جزوی اختلافات پائے جاتے ہیں۔
امام مالک نے بیٹے کے ولی بننے کے جواز کی دلیل میں' یہ حدیث پیش کی ہے:

''عن ثابت البنانی عن ابن عمر بن ابی سلمة عن ابیه عن ام سلمة قالت لما خطبها النبی صلی الله علیه وسلم قالت لیس احد من اولیائی شاهدا' فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس احد من اولیائك شاهد ولا غائب یکره ذلك . فقالت لابنها عمر قم فزوج رسول الله صلی الله علیه وسلم ''۔

''ثابت بنانی' حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کے حوالے سے' اُن کے والد کے حوالے سے' سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں نکاح کا پیغام بھیجا تو

سیّدہ اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے سرپرستوں میں سے کوئی بھی یہاں موجود نہیں ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا کوئی بھی سرپرست، خواہ وہ موجود ہو یا نہ ہو اس رشتہ کو ناپسند نہیں کرے گا، تو سیّدہ اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے صاحبزادے حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (میرا نکاح) کروا دو۔

یہاں فقہاء کے درمیان ایک ذیلی مسئلہ یہ مختلف فیہ ہے، قریبی ولی کی موجودگی میں دور کا ولی اگر لڑکی کا نکاح کر دیتا ہے تو اس کا حکم کیا ہوگا؟

اس بارے میں امام مالک سے مختلف اقوال منقول ہیں، ایک قول کے مطابق امام مالک کے مطابق وہ نکاح فسخ شمار ہوگا، ایک قول کے مطابق اُن کے نزدیک یہ نکاح درست ہوگا، اور ایک قول کے مطابق قریبی ولی کو اس بات کا حق حاصل ہوگا کہ اگر وہ چاہے تو اس نکاح کو برقرار رہے، اور اگر چاہے تو اسے کالعدم قرار دے۔

امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ اگر لڑکی کا باپ موجود ہو تو لڑکی کا کوئی بھی دوسرا عزیز اُس کا نکاح نہیں کروا سکتا۔

یہاں فقہاء کے درمیان ایک ذیلی مسئلہ کے بارے میں یہ اختلاف بھی ہے، اگر لڑکی کا قریبی ولی موجود نہ ہو تو حکم کیا ہوگا؟

امام مالک یہ فرماتے ہیں: اگر لڑکی کا قریبی ولی موجود نہ ہو تو یہ ولایت دور کے ولی تک منتقل ہو جائے گی۔

جبکہ امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ یہ ولایت حاکمِ وقت کی طرف منتقل ہو جائے گی۔

کفو کے احکام

کفو کا لغوی معنی، ہم پلہ ہونا ہے۔

تمام فقہاء اس بارے میں متفق ہیں کہ نکاح میں دین کے حوالے سے کفو کا اعتبار کیا جائے گا، یہاں دین سے مراد نیک ہونا ہے، اگر کسی لڑکی کا باپ اُس کی شادی کسی شرابی یا کسی فاسق شخص کے ساتھ کر دیتا ہے، تو عورت کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اس نکاح سے انکار کر دے، اور قاضی اس معاملہ کا جائزہ لے کر اُس نکاح کو کالعدم قرار دے گا۔

اسی طرح اگر لڑکی کا باپ اُس کی شادی کسی ایسے شخص کے ساتھ کر دیتا ہے، جس کا ذریعۂ آمدن حرام ہو، یا جو بکثرت طلاقیں دیتا ہو، تو اس کا بھی یہی حکم ہوگا۔

کیا کفو میں نسب کا اعتبار کیا جائے گا؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ کسی غیر عرب شخص کی شادی، کسی عرب عورت سے ہو سکتی ہے۔

امام مالک اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کرتے ہیں:

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ'' (الحجرات: ۱۳)۔

Scanned by CamScanner

''اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں' تم میں زیادہ معزز وہ شخص ہے' جو زیادہ پرہیزگار ہے''۔

امام ابوحنیفہ اور اُن کے اصحاب کے نزدیک کفو میں نسب کا اعتبار کیا جائے گا۔

فقہاء احناف نے اپنے مؤقف کی تائید میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے:

''خواتین کی شادی صرف اُن کے سرپرست کریں اور اُن کی شادی صرف ہم پلہ لوگوں میں کی جائے''۔

(سنن دار قطنی' سنن بیہقی)

فقہاء احناف اس بات کے قائل ہیں کہ قریش کے مختلف قبائل' ایک دوسرے کے کفو شمار ہوں گے' لیکن عربوں کے جو قبائل قریش کے ہم پلہ نہیں سمجھے جاتے' وہ نسبی طور پر اُن کا کفو قرار نہیں دیئے جائیں گے۔ اسی طرح (قریش کے علاوہ) دیگر عرب' ایک دوسرے کا کفو ہوں گے' لیکن کوئی غیر عربی' کسی عرب کا کفو نہیں ہوگا۔

غیر عرب' ایک دوسرے کا کفو شمار ہوں گے۔

اسی طرح احناف کے نزدیک مال کے اعتبار سے کفو ہونے کا اعتبار کیا جائے گا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ عورت کی شادی ایسے شخص کے ساتھ کی جائے گی' جو مہر کی رقم بھی ادا کرسکتا ہو اور عورت کا خرچ بھی ادا کرسکتا ہو۔

تاہم فقہاء کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ خوشحالی کا اعتبار کیا جائے گا' یا نہیں؟

امام ابوحنیفہ اور امام محمد کے نزدیک اس بات کا اعتبار کیا جائے گا' یعنی جو شخص صرف عورت کو مہر اور خرچ فراہم کرسکتا ہے' وہ کسی خوشحال گھرانے سے تعلق رکھنے والی عورت کا کفو شمار نہیں ہوگا۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ لوگ خوشحالی کے اعتبار سے ایک دوسرے پر فخر کرتے ہیں اور تنگدستی کے حوالے سے عار محسوس کرتے ہیں' تاہم امام ابویوسف کے نزدیک اس بات کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔

اسی مسئلہ کی ایک ذیلی شق یہ ہے کہ آیا کفو میں پیشے کا اعتبار کیا جائے گا؟ اس اختلاف کی وجہ بھی یہی ہے کہ بعض پیشے ایسے ہیں جنہیں معاشرے میں کمتر حیثیت دی جاتی ہے۔

نکاح میں گواہی کا حکم

نکاح کیلئے گواہی شرط ہے' اس بارے میں فقہاء کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے۔ لیکن فقہاء کے درمیان اس حوالے سے اختلاف یہ ہے کہ گواہی' نکاح کی درستگی کیلئے شرط ہے' یا یہ نکاح کی تکمیل کیلئے شرط ہے؟

اس بارے میں تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ خفیہ نکاح کرنا جائز نہیں ہے۔

احناف اس بات کے قائل ہیں کہ جب میاں بیوی دونوں مسلمان ہوں' تو اُن کا نکاح دو آزاد' عاقل' بالغ' مسلمان گواہوں کی موجودگی میں ہوسکتا ہے' خواہ وہ دونوں مرد ہوں' یا اُن دونوں میں سے ایک مرد ہو اور دوسرے مرد کی جگہ دو خواتین ہوں۔

احناف کے نزدیک نکاح کے گواہوں کا عادل ہونا شرط نہیں ہے۔ جبکہ امام شافعی کی رائے اس بارے میں مختلف ہے' وہ یہ فرماتے ہیں: گواہ بنانا' عزت افزائی کا باعث ہے اور فاسق شخص' اہانت کا مستحق ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

امام شافعی کے نزدیک دونوں گواہوں کا مرد ہونا ضروری ہے۔
احناف کے نزدیک کوئی غلام نکاح میں گواہ نہیں ہو سکتا' اسی طرح کوئی پاگل یا نابالغ شخص بھی نکاح میں گواہ نہیں بن سکتا' کیونکہ انہیں تصرف کرنے کا حق حاصل نہیں ہوتا۔
امام مالک کے نزدیک عقدِ نکاح کے وقت گواہوں کی موجودگی شرط نہیں ہے' وہ یہ فرماتے ہیں:
عقدِ نکاح کے ایجاب وقبول کے بعد اگر میاں بیوی نکاح کا اعلان کر دیں تو یہ گواہوں کی جگہ کافی ہوگا۔
امام مالک کے نزدیک نکاح کا اعلان کرنا شرط ہے' اُنہوں نے اپنے اس مؤقف کی تائید میں یہ حدیث پیش کی ہے:
''اعلنوا هذا النكاح' واضربوا عليه بالدفوف''۔
''نکاح کا اعلان کرواور اُس پردف بجاؤ''۔
(اخرجہ الترمذی (۳/۳۹۸) کتاب النکاح' باب اعلان النکاح' حدیث (۱۰۸۹)۔ البیہقی (۷/۲۹۰) کتاب الصداق' باب اظہار النکاح واباحۃ الضرب بالدف۔ ابونعیم فی تاریخ اصبہان (۱/۱۷۴)۔ ابن الجوزی فی العلل المتناہیہ (۲/۶۲۷)

3457- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنِي يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ النِّكَاحَ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ عَلٰى اَرْبَعَةِ اَنْحَاءٍ فَنِكَاحُ النَّاسِ الْيَوْمَ يَخْطُبُ الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ ابْنَتَهُ فَيُصْدِقُهَا ثُمَّ يَنْكِحُهَا قَالَتْ وَنِكَاحٌ اٰخَرُ كَانَ الرَّجُلُ يَقُوْلُ لِامْرَاَتِهِ اِذَا طَهُرَتْ مِنْ طَلْقِهَا اَرْسِلِيْ اِلٰى فُلَانٍ فَاسْتَبْضِعِيْ مِنْهُ وَاعْتَزَلَهَا زَوْجُهَا لَا يَمَسُّهَا اَبَدًا حَتّٰى يَسْتَبِيْنَ حَمْلُهَا مِنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ الَّذِيْ تَسْتَبْضِعُ مِنْهُ فَاِذَا تَبَيَّنَ حَمْلُهَا اَصَابَهَا زَوْجُهَا اِذَا اَحَبَّ وَاِنَّمَا يَصْنَعُ ذٰلِكَ رَغْبَةً فِيْ نَجَابَةِ الْوَلَدِ فَكَانَ هٰذَا النِّكَاحُ يُسَمّٰى نِكَاحَ الْاِسْتِبْضَاعِ قَالَتْ وَنِكَاحٌ اٰخَرُ يَجْتَمِعُ الرَّهْطُ دُوْنَ الْعَشَرَةِ فَيَدْخُلُوْنَ عَلَى الْمَرْاَةِ كُلُّهُمْ يُصِيْبُهَا فَاِذَا حَمَلَتْ وَوَضَعَتْ وَمَرَّتْ لَيَالِيْ بَعْدَ اَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا اَرْسَلَتْ اِلَيْهِمْ فَلَمْ يَسْتَطِعْ رَجُلٌ مِنْهُمْ اَنْ يَمْتَنِعَ حَتّٰى يَجْتَمِعُوْا عِنْدَهَا فَتَقُوْلُ لَهُمْ قَدْ عَرَفْتُمُ الَّذِيْ كَانَ مِنْ اَمْرِكُمْ وَقَدْ وَلَدْتُهُ وَهُوَ ابْنُكَ يَا فُلَانُ فَتُسَمِّيْ مَنْ اَحَبَّتْ مِنْهُمْ بِاسْمِهِ فَيَلْحَقُ بِهِ وَلَدُهَا لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يَمْتَنِعَ مِنْهُ الرَّجُلُ وَنِكَاحٌ رَابِعٌ يَجْتَمِعُ النَّاسُ الْكَثِيْرُ فَيَدْخُلُوْنَ عَلَى الْمَرْاَةِ لَا تَمْتَنِعُ مِمَّنْ جَاءَهَا وَهُنَّ الْبَغَايَا وَكُنَّ يَنْصِبْنَ عَلٰى اَبْوَابِهِنَّ رَايَاتٍ تَكُنَّ عَلَمًا فَمَنْ اَرَادَهُنَّ دَخَلَ عَلَيْهِنَّ فَاِذَا حَمَلَتْ اِحْدَاهُنَّ فَوَضَعَتْ حَمْلَهَا جُمِعُوْا لَهَا وَدَعَوُا الْقَافَةَ لَهُمْ ثُمَّ اَلْحَقُوْا وَلَدَهَا بِالَّذِيْ يَرَوْنَ فَالْتَاطَهُ وَدُعَاهُ ابْنَهُ لَا يَمْتَنِعُ مِنْ ذٰلِكَ فَلَمَّا بَعَثَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ هَدَمَ نِكَاحَ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ كُلَّهُ اِلَّا نِكَاحَ اَهْلِ الْاِسْلَامِ الْيَوْمَ.

۳۴۵۷- اخرجه البخاري في النكاح (۹/۸۸-۸۹) باب: من قال: لا نكاح الا بولي (۵۱۲۷) حدثنا يحيى بن سليمان' حدثنا ابن وهب' به- واخرجه البخاري في هذا الموضع ايضاً: حدثنا احمد بن صالح' حدثنا عنبسة' حدثنا يونس' به- واخرجه ابو داود في الطلاق (۴/۲۹۰) باب: في وجوه النكاح التي كان يتناكح بها اهل الجاهلية (۲۲۷۲): حدثنا احمد بن صالح' ثنا عنبسة بن خالد' حدثني يونس' به-

Scanned by CamScanner

★★ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: زمانۂ جاہلیت میں نکاح چار طرح کے ہوتے تھے' ایک نکاح کا طریقہ وہ تھا جو آج کل لوگوں میں رائج ہے' آدمی کسی دوسرے شخص کو اُس کی بیٹی کیلئے نکاح کا پیغام بھیجتا ہے' اور اُس کو مہر دیتا ہے اور اُس کے ساتھ نکاح کر لیتا ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نکاح کا دوسرا طریقہ یہ تھا کوئی شخص اپنی بیوی سے' جب وہ اُس شخص سے طلاق لینے کے بعد پاک ہو جاتی تھی' یہ کہتا تھا: تم فلاں شخص کو پیغام بھیجو اور اُس کے ساتھ صحبت کرلو وہ شخص اس دوران اپنی بیوی سے الگ رہتا تھا اور اُس بیوی کے ساتھ اُس وقت تک صحبت نہیں کرتا تھا جب تک اُس دوسرے شخص سے اُس عورت کا حمل ظاہر نہیں ہو جاتا تھا' جس کے ساتھ اُس عورت نے صحبت کی تھی' جب عورت کا حمل ظاہر ہو جاتا تو اُس کا اصل شوہر اُس کے ساتھ صحبت کر لیتا' اگر اُسے اس کی خواہش ہوتی' وہ شخص ایسا اس لیے کرتا تھا تا کہ اُس کی اولاد کسی بڑے خاندان کے فرد کا نطفہ ہو۔ اس نکاح کو ''نکاح استبضاع'' کا نام دیا جاتا تھا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نکاح کا تیسرا طریقہ یہ تھا کہ کچھ لوگ اکٹھے ہوتے' اُن کی تعداد دس سے کم ہوتی' وہ سب کسی عورت کے پاس جاتے اور وہ سب اُس کے ساتھ صحبت کرتے' پھر وہ حاملہ ہو جاتی اور آخر کار بچے کو جنم دیتی' بچے کو جنم دینے کے کچھ دن بعد وہ اُن سب لوگوں کو بلواتی' اُن سب میں سے کوئی بھی شخص آنے سے انکار نہیں کر سکتا تھا' جب وہ لوگ اُس عورت کے پاس اکٹھے ہوتے تو وہ عورت اُن سے کہتی: تم لوگ جانتے ہو! کہ تم نے کیا کیا تھا؟ میں نے ایک بچے کو جنم دیا ہے' اے فلاں! یہ تمہارا بیٹا ہے' وہ عورت اُن افراد میں سے جس کا چاہتی اُس شخص کا نام لیتی' تو اُس کے بچے کا نسب اُس شخص کے ساتھ لاحق کر دیا جاتا' وہ شخص اب اُس بچے کا انکار نہیں کر سکتا تھا۔

چوتھا طریقہ یہ تھا: بہت سے لوگ اکٹھے ہو کر کسی عورت کے پاس جاتے' وہ عورت اپنے ہاں آنے والے کسی شخص کو روک نہیں سکتی تھی' یہ جسم فروش عورتیں ہوا کرتی تھیں' انہوں نے اپنے دروازوں پر مخصوص جھنڈے لگائے ہوئے ہوتے تھے جو ان (کے پیشے) کا علامتی نشان ہوتا تھا' جو شخص ان کے ہاں جانا چاہتا وہ چلا جاتا' جب ان میں سے کوئی ایک عورت حاملہ ہوتی اور بچے کو جنم دیتی تو سب لوگوں کو اُس کے پاس اکٹھا کیا جاتا' پھر کسی قیافہ شناس کو بلایا جاتا وہ اُس عورت کے بچے کو اُس شخص کے ساتھ لاحق کر دیتا جس کے ساتھ وہ بچہ مشابہت رکھتا' پھر لوگ اُس بچے کو اُس شخص کے بیٹے کے طور پر بلاتے اور وہ شخص اس سے انکار نہیں کر سکتا تھا۔

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا تو زمانۂ جاہلیت کے تمام اقسام کے نکاح کا حکم ختم کر دیا' صرف وہ نکاح باقی رہ گیا جو آج کل مسلمانوں میں رائج ہے۔

3458- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ اَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَهُ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ النِّكَاحَ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ عَلٰى اَرْبَعَةِ اَنْحَاءٍ وَّذَكَرَ الْحَدِيْثَ نَحْوَهُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ . زَعَمُوْا اَنَّ يَحْيَى بْنَ

۳۴۵۸- راجع الذي قبله-

مَعِينٍ حِينَ حَدَّثَهُ بِهِ اَصْبَغُ بُرَكَ مِنَ الْفَرَحِ وَقَالَ اَصْبَغُ فِي حَدِيثِهِ اَرْسِلِي اِلَى فُلَانٍ فَاسْتَبْضِعِي مِنْهُ وَيَعْتَزِلُهَا زَوْجُهَا وَلَا يَمَسُّهَا اَبَدًا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ حَمْلُهَا مِنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ الَّذِي تَسْتَبْضِعُ مِنْهُ فَاِذَا تَبَيَّنَ حَمْلُهَا اَصَابَهَا زَوْجُهَا اِذَا اَحَبَّ وَاِنَّمَا يَصْنَعُ ذٰلِكَ رَغْبَةً فِي نَجَابَةِ الْوَلَدِ فَكَانَ هٰذَا النِّكَاحُ يُسَمّٰى نِكَاحَ الْاِسْتِبْضَاعِ .

قَالَ الصَّاغَانِيُّ وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ اَصْبَغَ حَدَّثَنَاهُ عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ اَرْسِلِي اِلَى فُلَانٍ فَاسْتَرْضِعِي مِنْهُ وَاعْتَزَلَهَا زَوْجُهَا لَا يَمَسُّهَا اَبَدًا حَتّٰى يَسْتَبِينَ حَمْلُهَا مِنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ الَّذِي تَسْتَرْضِعُ مِنْهُ وَكَانَ هٰذَا يُسَمّٰى نِكَاحَ الْاِسْتِرْضَاعِ - قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَهٰذَا الصَّوَابُ - وَقَالَ فَلَمَّا بَعَثَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ هَدَمَ نِكَاحَ الْجَاهِلِيَّةِ .

✪✪ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: زمانۂ جاہلیت میں چار طرح کے نکاح ہوتے تھے (اُس کے بعد اُنہوں نے حسبِ سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

ایک روایت میں یہ الفاظ زائد ہیں: (شوہر اپنی بیوی سے یہ کہتا:) تم فلاں شخص کو پیغام بھیجو' پھر تم اُس کے ساتھ صحبت کرلو' اس دوران اُس عورت کا شوہر اُس سے الگ رہتا' اور عورت کے ساتھ اُس وقت تک صحبت نہ کرتا جب تک اُس شخص سے حمل ظاہر نہ ہو جاتا جس کے ساتھ عورت نے صحبت کی تھی' جب عورت کا حمل ظاہر ہو جاتا تو شوہر اُس کے ساتھ صحبت کر لیتا' اگر اُسے اس کی خواہش ہوتی' وہ ایسا اس لیے کرتا تھا تاکہ اُس کی اولاد نجیب ہو' اس نکاح کو ''نکاح استبضاع'' کا نام دیا گیا تھا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: (شوہر بیوی سے کہتا:) تم فلاں شخص کو پیغام بھیجو اور اُس سے حاملہ ہو جاؤ' عورت کا شوہر عورت سے الگ رہتا اور اُس وقت تک اُس کے ساتھ صحبت نہیں کرتا جب تک دوسرے شخص سے عورت کا حمل ظاہر نہیں ہو جاتا' اس نکاح کو ''نکاح استرضاع'' کا نام دیا گیا۔

محمد بن اسحاق بیان کرتے ہیں: یہ درست ہے۔

(اس میں یہ الفاظ بھی ہیں:) جب اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا تو زمانۂ جاہلیت کے نکاح (کے مختلف طریقوں) کو ختم کر دیا۔

3459 - حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ الْبَدَلُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ تَنْزِلُ لِي عَنِ امْرَاَتِكَ وَاَنْزِلُ لَكَ عَنِ امْرَاَتِي وَاَزِيدُكَ قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَلَا اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ) قَالَ فَدَخَلَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ الْفَزَارِيُّ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ عَائِشَةُ فَدَخَلَ بِغَيْرِ اِذْنٍ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عُيَيْنَةُ فَاَيْنَ الْاِسْتِئْذَانُ . فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اسْتَاْذَنْتُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْ مُّضَرَ مُنْذُ

۳۴۵۹- عزاه ابن حجر في (الفتح) (۹/ ۹۰) للدارقطني' وقال: (ولكن اسناده ضعيف جدا) - اه - قلت: و اسحاق بن عبد الله بن ابي فروة متروك الحديث- و عزاه السيوطي في الدر المنثور (۵/ ۴۰۰) للبزار و ابن مردويه-

Scanned by CamScanner

4499- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كُنْتُ جَالِسَةً عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَهُ رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ فِيْ مَوَارِيْثَ فِيْ اَشْيَاءَ قَدْ دَرَسَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ اِنَّمَا اَقْضِيْ بَيْنَكُمَا بِرَاْيِيْ فِيْمَا لَمْ يُنْزَلْ عَلَيَّ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِقَضِيَّةٍ اُرَاهَا فَقَطَعَ بِهَا قِطْعَةً ظُلْمًا فَاِنَّمَا يَقْطَعُ بِهَا قِطْعَةً مِنْ نَارٍ اِسْطَامًا يَاْتِيْ بِهَا فِيْ عُنُقِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ . قَالَ فَبَكَى الرَّجُلَانِ وَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا حَقِّيْ هٰذَا الَّذِيْ اَطْلُبُ لِصَاحِبِيْ قَالَ لَا وَلٰكِنِ اذْهَبَا فَتَوَخَّيَا ثُمَّ اسْتَهِمَا ثُمَّ لِيَحْلِلْ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْكُمَا صَاحِبَهٗ .

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھی ہوئی تھی، دو آدمی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے' ان دونوں کے درمیان وراثت سے متعلق جھگڑا چل رہا تھا جو کچھ ایسی چیزوں کے بارے میں تھا جو پرانی ہو چکی تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تم لوگوں کے درمیان اپنی رائے سے فیصلہ دوں گا جس بارے میں مجھ پر وحی نازل نہیں ہوئی تو جس شخص کے حق میں' میں فیصلہ دے دوں اور ظلم کے طور پر اُسے وہ چیز مل جائے تو اُسے جہنم کا ٹکڑا ملے گا' جسے وہ قیامت کے دن اپنی گردن میں ڈال کر لے کر آئے گا۔ راوی کہتے ہیں کہ وہ دونوں افراد رونے لگے۔ ان میں سے ایک نے کہا: وہ حق جس کا میں مطالبہ کر رہا تھا' اصل میں وہ میرے ساتھی کا حق ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! تم دونوں جاؤ اور اُس کی جانچ پڑتال کر کے اُس کے حصے کر لو۔ پھر تم دونوں میں سے ہر ایک اپنی ساتھی کے لیے اُسے حلال قرار دیدے۔

4500- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهٗ بِحُجَّةٍ اُرَاهَا فَقَطَعَ بِهَا قِطْعَةً ظُلْمًا . وَالْبَاقِيْ نَحْوَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: انہوں نے فرمایا: تم میں سے جسے میں اپنی رائے کے مطابق' ثبوت کی بنیاد پر فیصلہ دے دوں اور اُسے ظلم کے طور پر وہ حصہ مل جائے۔

4501- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَاَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَا حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ جَالِسَةً عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۴۴۹۹- اخرجه ابو داود (۳۵۸٤)، (۳۵۸۵) و احمد (۶/ ۳۲۰) من طرق عن اسامة بن زيد عن عبد الله بن رافع' به- واسامة بن زيد: هو الليثي' و هو ضعيف' تقدمت ترجمته-

۴۵۰۰- راجع الذي قبله-

۴۵۰۱- انظر الحديث (۴۴۹۹)-

Scanned by CamScanner

وَسَلَّمَ وَبَيْنِي وَبَيْنَ النَّاسِ سِتْرٌ فَجَاءَ اِلَيْهِ قَوْمٌ فِي مَوَارِيثَ وَاَشْيَاءَ قَدْ دَرَسَتْ وَذَهَبَ مَنْ يَعْرِفُهَا ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عُثْمَانَ بْنِ عُمَرَ.

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھی ہوئی تھی، میرے اور لوگوں کے درمیان پردہ موجود تھا' کچھ لوگ وراثت اور دیگر چیزوں کے بارے میں مقدمہ لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے جو ضائع ہو چکی تھی۔ اور اسے پہچاننے والا باقی نہیں رہا تھا۔

4502- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِشْكَابَ وَالْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْوَاسِطِيُّ قَالُوا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ اَبِي سَلَمَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سَمِعَ صَوْتَ خُصُومٍ بِبَابِ حُجْرَتِهِ فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَّاِنَّهُ يَاْتِينِي الْخَصْمُ فَلَعَلَّ بَعْضَهُمْ اَنْ يَكُونَ اَبْلَغَ مِنْ بَعْضٍ فَاَحْسِبَ اَنَّهُ صَادِقٌ فَاَقْضِيَ لَهُ بِذٰلِكَ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِحَقِّ مُسْلِمٍ فَاِنَّمَا هِيَ قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ فَلْيَاْخُذْهَا اَوْ لِيَتْرُكْهَا . تَابَعَهُ مَعْمَرٌ وَّيُونُسُ وَعُقَيْلٌ وَّشُعَيْبٌ وَّاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ.

☆☆ سیدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ سیّدہ اُمّ سلمہ نے انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات بتائی ہے کہ آپ نے اپنے حجرے کے دروازے پر کچھ لوگوں کی جھگڑے کی آواز سنی' آپ اُن کے پاس تشریف لے کر گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں بھی ایک انسان ہوں' میرے پاس کوئی فریق مقدمہ لے کر آتا ہے' ہوسکتا ہے کہ وہ دوسرے فریق کے مقابلے میں زیادہ تیز گفتگو کرتا ہو' میں اُسے سچا سمجھتے ہوئے اُس کے حق میں فیصلہ دے دوں' تو میں جس شخص کے حق میں کسی مسلمان کے حق کا فیصلہ دوں گا تو یہ ایک جہنم کا ٹکڑا ہوگا' اس کی مرضی ہے کہ اسے حاصل کر لے یا اُسے چھوڑ دے۔

4503- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اُمِّهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ تَخْتَصِمُونَ اِلَيَّ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَكُونَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ وَّاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اَقْضِي عَلٰى نَحْوِ مَا اَسْمَعُ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِشَيْءٍ مِّنْ حَقِّ اَخِيهِ فَلَا يَاْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنْ نَارٍ . قَالَ اَبُو بَكْرٍ فِي حَدِيثِ

۴۵۰۲- اخرجه احمد (۶/۳۰۸)، و البخاري (۲۴۵۸)، و مسلم (۶/۱۷۱۳) من طريق ابراهيم بن سعد' به-و الحديث اخرجه البخاري ((۲۶۸۰)، (۶۹۶۷)، (۷۱۶۹)، (۷۱۸۱)، (۷۱۸۵)، و مسلم (۱۷۱۳)، و ابو داود (۳۵۸۳)، و النسائي (۸/۲۳۳، ۲۴۷)، و ابن ماجه (۲۳۱۷)، و ابو يعلى (۶۸۸۰)، و ابن الجارود (۹۹۹)، و ابن حبان (۵۰۷۰)، و الطبراني في الكبير (۲۳/رقم (۸۰۲)، (۹۰۲)، (۹۰۳)، و البيهقي (۱۰/۱۴۳، ۱۴۹-۱۵۰)، و البغوي (۲۵۰۶) من طريق هشام بن عروة' به- واخرجه احمد (۶/۳۲۰)، و ابو داود (۳۵۸۴)، (۳۵۸۵) من طريق عبد الله بن رافع عن ام سلمة' نحوه-

۴۵۰۳- راجع الذي قبله-

Scanned by CamScanner

الزُّهْرِيِّ فَلْيَأْخُذْهَا أَوْ لِيَتْرُكْهَا ـ وَفِي حَدِيثِ هِشَامٍ فَلَا يَأْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا ـ وَهِشَامٌ وَإِنْ كَانَ ثِقَةً فَإِنَّ الزُّهْرِيَّ أَحْفَظُ مِنْهُ ـ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ ـ

☆☆ سیدہ زینب بنت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا اپنی والدہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: تم لوگ میرے پاس مقدمہ لے کر آتے ہو سکتا ہے تم میں سے کوئی ایک شخص اپنی دلیل پیش کرنے میں دوسرے سے زیادہ تیز ہو میں بھی ایک انسان ہوں اس طرح کی صورت میں میں جو فیصلہ کروں گا وہ اس کے مطابق ہوگا جو میں نے سنی ہے۔ تو جس شخص کے حق میں میں اُس کے بھائی کے حق کا فیصلہ دے دوں وہ اُسے وصول نہ کرے کیونکہ میں نے اُس کے لیے جہنم کا ٹکڑا کاٹ کر دیا ہوگا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: اب اس کی مرضی ہے کہ وہ اسے حاصل کرلے یا اُسے ترک کردے۔

4504- حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ وَأَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُومِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ- وَاللَّفْظُ لِعَبْدِ الْجَبَّارِ- قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مَسْرُورًا فَقَالَ أَلَمْ تَرَىْ يَا عَائِشَةُ أَنَّ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِيَّ دَخَلَ عَلَيَّ فَرَأَى أُسَامَةَ وَزَيْدًا وَعَلَيْهِمَا قَطِيفَةٌ قَدْ غَطَّيَا رُءُوسَهُمَا وَبَدَتْ أَقْدَامُهُمَا فَقَالَ إِنَّ هٰذِهِ الْأَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ ـ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار میرے پاس تشریف لائے تو آپ بہت خوش تھے آپ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! کیا تمہیں پتا ہے کہ مجزز مدلجی میرے پاس آیا اُس نے اسامہ اور زید کو دیکھا (وہ دونوں سوئے ہوئے تھے) ان دونوں کے اوپر چادر تھی جس نے ان کے سر کے حصے کو ڈھانپا ہوا تھا لیکن ان کے پاؤں ظاہر تھے تو وہ بولا: یہ دونوں باپ بیٹا ہیں۔

4505- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي أَخْبَرَنِي يُونُسُ وَاللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْرُورًا فَرِحًا فَقَالَ أَلَمْ تَرَىْ أَنَّ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِيَّ وَنَظَرَ إِلَى أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ مُضْطَجِعًا مَعَ أَبِيهِ فَقَالَ هٰذِهِ أَقْدَامٌ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ ـ وَكَانَ مُجَزِّزٌ قَائِفًا ـ

٤٥٠٤- اخرجه الحميدي (٢٣٩) و البخاري (٦٧٧١) و مسلم (١٤٥٩) و ابو داود (٢٢٦٧) و الترمذي (٢١٢٩) و النسائي (٦/١٨٤-١٨٥) و ابن ماجه (٢٣٤٩) و ابن حبان (١٥/٥٢٣) (٧٠٥٧) و البيهقي (١٠/٢٦٢) و البغوي في شرح السنة (٢٣٨١) من طريق سفيان - و هو ابن عيينة عن الزهري به- واخرجه عبد الرزاق (١٣٨٣٥) عن سفيان الثوري عن الزهري به- و سياتي في الذي بعده من طريق الليث- و هو ابن سعد و يونس: و هو ابن يزيد الايلي-

٤٥٠٥- اخرجه مسلم (١٤٥٩/٤٠) قال: حدثني حرملة بن يحيى اخبرنا ابن وهب اخبرني يونس به- واخرجه احمد (٦/٨٢) و البخاري (٦٧٧٠) و مسلم (١٤٥٩) و ابو داود (٢٢٦٨) و الترمذي (٢١٢٩) والنسائي (٦/١٨٤) من طرق عن الليث بن سعد به- و انظر الحديث السابق-

Scanned by CamScanner

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس خوش تشریف لائے آپ نے فرمایا: کیا تمہیں پتا ہے کہ مجزز مدلجی کی نظر اُسامہ بن زید پر پڑی جو اپنے والد کے ساتھ لیٹے ہوئے تھے تو اس نے کہا: یہ دونوں باپ بیٹا ہیں۔

(راوی کہتے ہیں:) مجزز قیافہ شناس تھے۔

4506- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ قَائِفٌ وَّرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاهِدٌ وَّأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَّزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ مُضْطَجِعَانِ فَقَالَ هٰذِهِ الْأَقْدَامُ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ. قَالَتْ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَعْجَبَهُ فَأَخْبَرَ بِهِ عَائِشَةَ قَالَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ وَّكَانَ زَيْدٌ أَحْمَرَ أَشْقَرَ أَبْيَضَ وَّكَانَ أُسَامَةُ مِثْلَ اللَّيْلِ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ ایک قیافہ شناس آیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی وہاں موجود تھے' حضرت اسامہ بن زید اور زید بن حارثہ دونوں لیٹے ہوئے تھے' وہ شخص بولا: یہ پاؤں باپ بیٹے کے ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے اور آپ کو یہ بات پسند آئی' آپ نے یہ بات سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتائی۔

ابراہیم بن سعد نامی راوی بیان کرتے ہیں: حضرت زید رضی اللہ عنہ سرخ وسفید رنگ کے مالک تھے جبکہ حضرت اُسامہ کا رنگ رات کی طرح (سیاہ) تھا۔

4507- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا يُوسُفُ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا مَسْرُورًا تَبْرُقُ أَسَارِيرُ وَجْهِهِ فَقَالَ أَلَمْ تَسْمَعِي مَا قَالَ مُجَزِّزٌ الْمُدْلِجِيُّ لِزَيْدٍ وَّأُسَامَةَ وَرَأَى أَقْدَامَهُمَا إِنَّ هٰذِهِ الْأَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ.

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے پاس تشریف لائے تو آپ بہت خوش تھے اور خوشی کی وجہ سے آپ کا چہرہ مبارک چمک رہا تھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے سنا ہے؟ مجزز مدلجی نے زید اور اُسامہ کے بارے میں کیا کہا ہے' اس نے ان کے صرف پاؤں دیکھے اور کہا: یہ پاؤں باپ بیٹے کے ہیں۔

4508- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ خُشَيْشٍ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ

٤٥٠٦- اخرجه البخاري (٦٧٧١) و مسلم (١٤٥٩/ ٤٠) من طريق ابراهيم بن سعد عن الزهري به- و انظر الحديث (٤٥٠٤) (٤٥٠٥)-

٤٥٠٧- اخرجه الحميدي (٢٤٠) و عبد الرزاق (٧/ ٤٤٧) (١٣٨٣٣) و احمد (٦/ ٢٢٦) و مسلم (١٤٥٩/ ٤٠) من طريق ابن جريج به-و اخرجه عبد الرزاق (٧/ ٤٤٨) (١٣٨٣٦) و احمد (٦/ ٢٢٦) و مسلم (١٤٥٩/ ٤٠) من طريق معمر به-و انظر رقم (٤٥٠٤) (٤٥٠٥) (٤٤٠٦)-

٤٥٠٨- اخرجه النسائي (٦/ ١٨٠) و الحاكم (٤/ ٩٦) و البيهقي (٦/ ٨٧) من طريق جرير عن منصور به-و قد خالفه سفيان فاخرجه عن منصور به- لكن لم يذكر فيه يوسف بن الزبير- و مجاهد لم يسمع من ابن الزبير- قال العلائي في جامع التحصيل ص (٧٣٧)- قال البرديجي: الذي صح لمجاهد من الصحابة -رضي الله عنهم- ابن عباس و ابن عمر و ابو هريرة على خلاف فيه قال بعضهم: لم يسمع منه يدخل بينه و بين ابي هريرة عبد الرحمن ابن ابي ذباب و قد صار مجاهد الى باب عائشة فحجب و لم يدخل عليها: لا نسمكان حرا و اختلف في روايته عن عبد الله بن عمرو فقيل: لم يسمع منه- الخ-

Scanned by CamScanner

مُجَاهِدٍ عَنْ يُوسُفَ بْنِ الزُّبَيْرِ مَوْلَى الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ كَانَتْ لِزَمْعَةَ جَارِيَةٌ يَتَطِئُهَا وَكَانَتْ تُظَنُّ بِرَجُلٍ اٰخَرَ اَنَّهُ يَقَعُ عَلَيْهَا فَمَاتَ زَمْعَةُ وَهِيَ حُبْلَى فَوَلَدَتْ غُلَامًا يُشْبِهُ الرَّجُلَ الَّذِيْ كَانَتْ تُظَنُّ بِهِ فَذَكَرَتْهُ سَوْدَةُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَمَّا الْمِيرَاثُ فَلَهُ وَاَمَّا اَنْتِ فَاحْتَجِبِيْ مِنْهُ فَلَيْسَ لَكِ بِاَخٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن زبیر بیان کرتے ہیں کہ زمعہ کی ایک کنیز تھی جس کے ساتھ وہ صحبت کیا کرتا تھا' اُس کنیز کا یہ کہنا ہے کہ ایک اور شخص نے اس کے ساتھ صحبت کی' اسی دوران زمعہ انتقال کر گیا اور وہ کنیز حاملہ ہو گئی' اس نے ایک بچے کو جنم دیا' جو اس شخص کے ساتھ مشابہت رکھتا تھا جس کے بارے میں کنیز نے بات بیان کی تھی۔ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہاں تک وراثت کا تعلق ہے' وہ اُسے مل جائے گی لیکن جہاں تک تمہارا معاملہ ہے تو تم اس سے پردہ کرو کیونکہ وہ تمہارا بھائی نہیں ہے۔

4509- قُرِءَ عَلَى اَبِيْ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ وَاَبُوْ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُوْمِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ وَاللَّفْظُ لِعَبْدِ الْجَبَّارِ قَالُوْا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ وَسَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُخْبِرُ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اخْتَصَمَ سَعْدٌ وَّعَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ابْنِ اَمَةِ زَمْعَةَ فَقَالَ سَعْدٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوْصَانِيْ اَخِيْ عُتْبَةُ فَقَالَ اِذَا دَخَلْتَ مَكَّةَ فَانْظُرِ ابْنَ اَمَةِ زَمْعَةَ فَاقْبِضْهُ فَاِنَّهُ ابْنِيْ. فَقَالَ لَهُ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخِي ابْنُ اَمَةِ اَبِيْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِ اَبِيْ. فَرَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَبَهًا بَيِّنًا بِعُتْبَةَ فَقَالَ هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَاحْتَجِبِيْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ سعد اور عبد بن زمعہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ کر بحث کرنے لگے' سعد: یارسول اللہ! میرے بھائی عتبہ نے مجھے یہ وصیت کی تھی' اس نے کہا تھا کہ جب تم مکہ میں جاؤ گے تو زمعہ کی کنیز کے بیٹے کو دیکھنا اور اُسے گود میں لے لینا کیونکہ وہ میرا بیٹا ہے' عبد بن زمعہ نے کہا: یارسول اللہ! وہ میرے باپ کی کنیز کا بیٹا اور میرا بھائی ہے' جو میرے والد کے بستر پر پیدا ہوا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے کی عتبہ کے ساتھ واضح مشابہت ملاحظہ کی تو آپ نے فرمایا: اے عبد بن زمعہ! یہ تمہیں ملے گا کیونکہ بچہ بستر والے کا ہوتا ہے' اے سودہ! تم اُس لڑکے سے پردہ کرو۔

4510- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ السُّكَيْنِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسْتَامِ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اخْتَصَمَ سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَّعَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فِي ابْنِ اَمَةِ زَمْعَةَ فَقَالَ سَعْدٌ هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنُ اَخِيْ عُتْبَةَ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَهِدَ اِلَيَّ اَنَّهُ ابْنُهُ وَانْظُرْ اِلٰى شَبَهِهِ. فَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ هٰذَا اَخِيْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِ اَبِيْ مِنْ وَلِيْدَتِهِ. قَالَ فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

٤٥٠٩- تقدم في باب المهر (٣٧٩٠)-

٤٥١٠- اخرجه احمد (٦/ ٢٠٠): حدثنا محمد بن بكر' قال: اخبرنا ابن جريج ...... فذكره- و انظر السابق-

وَسَلَّمَ إِلَى شَبَهِهِ فَرَأَى شَبَهًا بَيِّنًا بِعُتْبَةَ فَقَالَ هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ الْوَلَدُ لِرَبِّ الْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ وَاحْتَجِبِي مِنْهُ يَا سَوْدَةُ . فَلَمْ يَرَ سَوْدَةَ قَطُّ.

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ سعد بن ابی وقاص اور عبد بن زمعہ' زمعہ کی کنیز کے بیٹے کے بارے میں مقدمہ لے کر آئے' سعد نے کہا: یا رسول اللہ! یہ میرے بھائی عتبہ بن ابی وقاص کا بیٹا ہے' میرے بھائی نے اس کے بارے میں مجھ سے عہد لیا تھا کہ یہ اُس کا بیٹا ہے' آپ اس کو عتبہ کے ساتھ مشابہت کر لیں' عبد بن زمعہ نے کہا: یہ میرا بھائی ہے جو میرے والد کے فرش پر اس کی کنیز کے ہاں پیدا ہوا ہے۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی عتبہ کے ساتھ مشابہت کر لی کہ وہ واضح طور پر عتبہ کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ بچہ تمہیں ملے گا کیونکہ بچہ بستر والے کو ملتا ہے اور زنا کرنے والے کو محرومی ملتی ہے' اے سودہ! تم اس لڑکے سے پردہ کرنا۔ راوی کہتے ہیں: اس کے بعد سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا کو اس بچے نے کبھی نہیں دیکھا۔

4511- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَزْهَرِ حَدَّثَنَا رَوْحٌ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

4512- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَّ مَالِكًا أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ كَانَ عُتْبَةُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ عَهِدَ إِلَى أَخِيهِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ أَنَّ ابْنَ وَلِيدَةِ زَمْعَةَ مِنِّي فَاقْبِضْهُ إِلَيْكَ قَالَتْ فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ أَخَذَهُ سَعْدٌ فَقَالَ ابْنُ أَخِي وَقَدْ كَانَ عَهِدَ إِلَيَّ فِيهِ . فَقَامَ إِلَيْهِ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فَقَالَ أَخِي وَابْنُ وَلِيدَةِ أَبِي وُلِدَ عَلَى فِرَاشِهِ . فَتَسَاوَقَاهُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَعْدٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ ابْنُ أَخِي قَدْ كَانَ عَهِدَ إِلَيَّ فِيهِ . وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ أَخِي وَابْنُ وَلِيدَةِ أَبِي وُلِدَ عَلَى فِرَاشِهِ . فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ . وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ . ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ احْتَجِبِي مِنْهُ لِمَا رَأَى مِنْ شَبَهِهِ بِعُتْبَةَ . قَالَتْ فَمَا رَآهَا حَتَّى لَقِيَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ عتبہ بن ابی وقاص نے اپنے بھائی زید بن ابی وقاص سے عہد لیا کہ زمعہ کو کنیز کا بیٹا مجھ سے ہے' تم اسے اپنے قبضے میں لے لینا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: فتح مکہ کے موقع پر حضرت سعد نے اُسے حاصل کرلیا اور بولے: یہ میرا بھتیجا ہے جس کے بارے میں میرے بھائی نے مجھ سے عہد لیا تھا اور عبد بن زمعہ اُن کے سامنے کھڑے ہوئے اور بولے: یہ میرا بھائی ہے' یہ میرے والد کی کنیز کا بیٹا ہے جو میرے والد کے بستر پر پیدا ہوا

٤٥١١- اخرجه احمد في مسنده (١٢٩/٦) قال حدثنا روح فذكره و انظر الذي قبله-

٤٥١٢- اخرجه مالك في الموطا (٧٣٩/٢) و من طريقه البخاري في صحيحه (٢٠٥٣) و في (٤٣٠٣) (٦٧٤٩) (٧١٨٢) و احمد في مسنده (٢٤٦/٦) و الدارمي (٢٣٤٢)- و انظر الحديث (٤٥٠٩) (٤٥١٠) (٤٥١١)-

Scanned by CamScanner

ہے۔ یہ دونوں اپنا مقدمہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' حضرت سعد نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ میرا بھتیجا ہے جس کے بارے میں میرے بھائی نے مجھ سے عہد لیا تھا۔ عبد بن زمعہ نے کہا: یہ میرا بھائی ہے' میرے والد کی کنیز کا بیٹا ہے' جو میرے والد کے فراش پر پیدا ہوا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عبد بن زمعہ! یہ تمہیں ملے گا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بچہ اُس کا سمجھا جائے گا جس کا فراش ہو اور زنا کرنے والے کو محرومی ملے گی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: تم اس سے پردہ کرلو۔

اس کی وجہ یہ تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عتبہ کے ساتھ مشابہت ملاحظہ کرلی تھی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس لڑکے نے مرتے دم تک کبھی سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا کو نہیں دیکھا۔

4513- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا يُوْنُسُ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيْزٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَلَامَةُ عَنْ عُقَيْلٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ صَالِحٍ وَّابْنِ اِسْحَاقَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِءٍ وَّعَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ الْهَيْثَمِ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الدَّقِيْقِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ كُلُّهُمْ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ- وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ- عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

☆☆ یہ روایت دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4514- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنِي اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِيْ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ كَانَ بَيْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَبَيْنَ مُعَاذِ بْنِ عَفْرَاءَ دَعْوٰى فِيْ شَيْءٍ فَحَكَّمَا اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ فَقَصَّ عَلَيْهِ عُمَرُ فَقَالَ اُبَيٌّ اعْفُ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ. فَقَالَ لَا لَا تُعْفِنِيْ مِنْهَا اِنْ كَانَتْ عَلَيَّ. قَالَ قَالَ اُبَيٌّ فَاِنَّهَا عَلَيْكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ. قَالَ فَحَلَفَ عُمَرُ ثُمَّ قَالَ اَتُرَانِيْ قَدِ اسْتَحْقَقْتُهَا بِيَمِيْنِيْ اذْهَبِ الْاٰنَ فَهِيَ لَكَ.

☆☆ محمد نامی راوی بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب اور حضرت معاذ بن عفراء کے بارے میں کسی چیز کے درمیان اختلاف ہوگیا' ان دونوں حضرات نے حضرت ابی بن کعب کو ثالث مقرر کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں پورا واقعہ سنایا' حضرت ابی بولے: تم امیر المؤمنین کو معاف کردو' انہوں نے کہا: اگر یہ ادائیگی مجھ پر لازم ہے' تو آپ مجھے ہرگز معاف نہ کریں' تو حضرت ابی بن کعب بولے: اے امیر المؤمنین! یہ ادائیگی آپ پر لازم ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قسم اٹھائی اور

۴۵۱۳- انظر الحديث (۴۵۰۹) و ما بعده-

۴۵۱۴- ابن عون: هو عبد الله بن عون' و شيخه: هو محمد بن سيرين' سمع لهما الشيخان- و الاثر علقه البيهقي بصيغة التمريض في سننه (۱۰/۱۷۹) قال ويذكر عن عمر بن الخطاب -رضي الله عنه- في خصومة كانت بينه و بين معاذ بن عفراء في شيء قال: فحلف عمر -رضي الله عنه- ثم قال: اترانى انى قد استحققتها بيميني' اذهب الآن فهي لك-لكن القصة معروفة ان الخصومة كانت بين ابي و عمر -رضي الله عنهما- و الذي قضى بينهما زيد بن ثابت' رواها البيهقي وغيره-

Scanned by CamScanner

بولے: میرے قسم اُٹھانے کی وجہ سے میں اس سے بری الذمہ ہوگیا ہوں' تم یہ چیز لے جاؤ یہ تمہاری ہوئی۔

4515- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقُ وَاَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَغَوِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرُّؤَاسِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ حَسَّانَ بْنِ ثُمَامَةَ قَالَ زَعَمُوْا اَنَّ حُذَيْفَةَ عَرَفَ جَمَلًا لَهُ سُرِقَ فَخَاصَمَ فِيْهِ اِلٰى قَاضِى الْمُسْلِمِيْنَ فَصَارَتْ عَلٰى حُذَيْفَةَ يَمِيْنٌ فِى الْقَضَاءِ فَاَرَادَ اَنْ يَّشْتَرِىَ يَمِيْنَهُ فَقَالَ لَكَ عَشَرَةُ الدَّرَاهِمِ فَاَبٰى فَقَالَ لَكَ عِشْرُوْنَ .فَاَبٰى فَقَالَ فَلَكَ ثَلَاثُوْنَ .فَاَبٰى فَقَالَ لَكَ اَرْبَعُوْنَ .فَاَبٰى فَقَالَ حُذَيْفَةُ اَتْرُكُ جَمَلِى .فَحَلَفَ اَنَّهُ جَمَلُهُ مَا بَاعَهُ وَلَا وَهَبَهُ.

☆☆ حسان بن ثمامہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنا اونٹ پہچان لیا جو چوری ہوگیا تھا' وہ اس بارے میں مقدمہ لے کر مسلمانوں کے قاضی کے پاس پہنچے تو عدالتی فیصلے کے تحت حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو قسم اُٹھانی تھی' تو انہوں نے اپنی قسم کا معاوضہ دینے کا اعلان کیا: میں تمہیں دس درہم دیتا ہوں' اس نے انکار کیا' انہوں نے کہا: میں تمہیں بیس درہم دیتا ہوں' اس نے انکار کیا' انہوں نے کہا: میں تمہیں تیس درہم دیتا ہوں' اس نے انکار کیا' انہوں نے کہا: میں تمہیں چالیس درہم دیتا ہوں' اس نے انکار کیا تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بولے: تم میرے اونٹ کو چھوڑ دو' پھر انہوں نے قسم اٹھائی کہ یہ ان کا اونٹ ہے' جسے انہوں نے نہ تو فروخت کیا ہے اور نہ ہی کسی کو ہبہ کیا ہے۔

4516- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْوَكِيْلُ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِىُّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيٰى عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ فَدٰى يَمِيْنَهُ بِعَشَرَةِ اٰلَافِ دِرْهَمٍ ثُمَّ قَالَ وَرَبِّ هٰذَا الْمَسْجِدِ وَرَبِّ هٰذَا الْقَبْرِ لَوْ حَلَفْتُ لَحَلَفْتُ صَادِقًا وَذٰلِكَ اَنَّهُ شَىْءٌ افْتَدَيْتُ بِهٖ يَمِيْنِىْ .

☆☆ محمد بن جبیر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی قسم کے عوض میں دس ہزار درہم ادا کیے تھے' اور پھر انہوں نے کہا تھا: اس مسجد کے پروردگار کی قسم! اور اس قبر کے پروردگار کی قسم! اگر میں قسم اُٹھالیتا تو میں قسم اُٹھانے میں سچا ہوتا' لیکن یہ ایسی چیز ہے کہ میں نے اپنی قسم کے بدلے میں فدیہ دے دیا ہے۔

4517- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُبَشِّرٍ وَّعَمْرُو بْنُ عَوْنٍ

۴۵۱۵-اخرجه البيهقي (۱۰/۱۷۹) من طريق الدارقطني' به' و اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (۸/۵۰۲) (۱۶۰۵۵) من طريق شريك بن عبد الله القاضي عن الاسود بن قيس عن رجل من قومه' قال: عرف حذيفة بعيرا له مع رجل فخاصمه' فقضى لحذيفة بالبعير' و قضى عليه باليمين' فقال حذيفة: افتدي يمينك بعشرة دراهم فابي الرجل' فقال له حذيفة: بعشرين' فابى' قال : فبثلاثين' قال: فابى' قال: فباربعين' فابى الرجل' فقال حذيفة! اتظن اني لا احلف على مالي' فحلف عليه حذيفة-

۴۵۱۶-علقه البيهقي في سننه (۱۰/۱۷۹)بصيغة التمريض' فقال : ويذكر عن جبير بن مطعم انه فى يمينه بعشرة آلاف درهم-وقد وصله الطبراني في الاوسط: كما في مجمع البحرين (۲۱۱۴) عن سعيد بن سليمان عن اسحاق بن سليمان' به-و قال الهيثمي في مجمع الزوائد (۴/۱۸۴): رجاله ثقات-

۴۵۱۷-اخرجه البخاري في تاريخه في ترجمة اسماعيل بن جستاس (۱/۳۴۹) عن قتيبة عن هشيم' به مختصرا- وقال البخاري: هذا حديث لم يتابع عليه- و اسماعيل هذا: ضعفه الازدي ايضا انظر ميزان الاعتدال (۱/۲۸۱)-

Scanned by CamScanner

قَالَا حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ جَسَّاسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّهُ قَضٰى فِيْ كَلْبِ الصَّيْدِ اَرْبَعُوْنَ دِرْهَمًا وَفِيْ كَلْبِ الْغَنَمِ شَاةٌ وَفِيْ كَلْبِ الزَّرْعِ فَرَقٌ مِنْ طَعَامٍ وَفِيْ كَلْبِ الدَّارِ فَرَقٌ مِنْ تُرَابٍ حَقٌّ عَلَى الَّذِيْ قَتَلَهُ اَنْ يُعْطِيَ وَحَقٌّ عَلٰى صَاحِبِ الْكَلْبِ اَنْ يَاْخُذَ مَعَ مَا نَقَصَ مِنَ الْاَجْرِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ انہوں نے شکار کرنے والے کتے کے بارے میں چالیس درہم دینے کا فیصلہ دیا ہے۔ بکریوں کے رکھوالے کتے کے بارے میں ایک بکری کی ادائیگی' کھیت کے رکھوالے کتے کے بارے میں' اناج کے فرق (بڑے برتن) کا حکم دیا ہے' جبکہ گھر کی حفاظت والے کتے میں مٹی کے ایک بڑے برتن کا حکم دیا ہے۔ یہ اس شخص پر لازم ہوگا جو ایک کتے کو مار دیتا ہے' وہ اسے یہ ادا کرے گا۔ تاہم کتے کے مالک کے لیے یہ بات لازم ہے کہ وہ اس بدلے کو وصول کرتے ہوئے اس میں کوئی کمی کر دے۔

4518- حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ قَرِيْنٍ الْعُثْمَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فَضَالَةَ حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ اَبِيْ صَابِرٍ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ قَيْسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَنٰى فِيْ رِبَاعِ قَوْمٍ بِاِذْنِهِمْ فَلَهُ الْقِيْمَةُ وَمَنْ بَنٰى بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ فَلَهُ النَّقْضُ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص کسی دوسرے شخص کی جگہ پر عمارت بنا لیتا ہے' اور اس کی اجازت کے ساتھ بناتا ہے' تو اب قیمت کی ادائیگی اس پر لازم ہوگی اور جو شخص اس مالک کی اجازت کے بغیر وہاں عمارت بنا لیتا ہے' تو اب اُس عمارت کو توڑ دیا جائے گا۔

4519- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ شَهَادَةَ الْخَائِنِ وَالْخَائِنَةِ وَذِي الْغِمْرِ عَلٰى اَخِيْهِ وَرَدَّ شَهَادَةَ الْقَانِعِ لِاَهْلِ الْبَيْتِ وَاَجَازَهَا عَلٰى غَيْرِهِمْ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیانت کرنے والے مرد' خیانت کرنے والی عورت' اپنے بھائی سے کینہ رکھنے والے شخص اور گھر میں ملازم کی گواہی کو مسترد کر دیا تھا' البتہ وہ اپنے گھر والوں کے علاوہ دوسروں کے حق میں گواہی دے سکتے ہیں۔

4520- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ اَبِيْ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنْ اٰدَمَ بْنِ فَائِدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَلَا خَائِنَةٍ وَلَا مَحْدُوْدٍ فِي الْاِسْلَامِ وَلَا مَحْدُوْدَةٍ وَلَا ذِيْ غِمْرٍ عَلٰى اَخِيْهِ.

۴۵۱۸- اخرجه ابن عدي في الكامل (۵/۸)' و عنه البيهقي في سننه (۶/۹۱) قال حدثنا ميمون بن مسلمة' ثنا كثير بن ابي صابر ......فذكره- وقال البيهقي : عمر بن قيا المكى ضعيف' لا يحتج به' و من دونه- ايضا- ضعيف- اه-

۴۵۱۹- اخرجه ابو داود (۳۶۰۰) ' (۳۶۰۱)' و احمد (۲/۲۰۴' ۲۲۵' ۲۲۶) ' و البيهقي (۱۰/۲۰۰) من طريق سليمان بن موسى عن عمرو بن شعيب' به- وقال الحافظ في تلخيص الحبير (۴/۲۶۴): و سنده قوي- و حسنه- ايضا- الالباني في ارواء الغليل (۲۶۶۹)' و سياتي في الذي بعده من طريق آدم بن فائد عن عمرو بن شعيب' نحوه-

Scanned by CamScanner

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: خیانت کرنے والے مرد' خیانت کرنے والی عورت' حد میں سزا یافتہ مرد' حد میں سزا یافتہ عورت' اپنے بھائی کے خلاف کینہ رکھنے والے کی گواہی کو قبول نہیں کیا جائے گا۔

4521- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْوَكِيلُ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَدْرٍ :عَبَّادُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ الْقُرَشِيُّ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَرْفَعُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَّلَا خَائِنَةٍ وَّلَا مَجْلُوْدٍ حَدًّا وَّلَا ذِىْ غِمْرٍ عَلٰى اَخِيْهِ وَلَا الْقَانِعِ مِنْ اَهْلِ الْبَيْتِ لَهُمْ . يَزِيْدُ هٰذَا ضَعِيْفٌ لَا يُحْتَجُّ بِهٖ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا یہ روایت نقل کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: خیانت کرنے والے مرد' خیانت کرنے والی عورت' حد میں سزا یافتہ مرد' اپنے بھائی کے خلاف کینہ رکھنے والے شخص اور گھر کے ملازم کی گھر والوں کے خلاف گواہی درست نہیں ہے۔

4522- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَقَالَ اَلَا لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ الْخَائِنِ وَلَا الْخَائِنَةِ وَلَا ذِىْ غِمْرٍ عَلٰى اَخِيْهِ وَلَا الْمَوْقُوْفِ عَلٰى حَدٍّ . يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ هُوَ الْفَارِسِيُّ مَتْرُوْكٌ وَّعَبْدُ الْاَعْلٰى ضَعِيْفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: یاد رکھنا کہ خیانت کرنے والے مرد' خیانت کرنے والی عورت' اپنے بھائی کے خلاف کینہ رکھنے والے شخص اور جس شخص پر حد جاری ہوئی ہو' ان کی گواہی درست نہیں ہے۔

4523- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ الضُّرَيْسِ اَخْبَرَنِى الْمُثَنّٰى بْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجُوْزُ

۴۵۲۰-اخرجه البيهقي (۱۰/۱۵۵) عن العباس بن محمد الدوري' ثنا يحيى بن ابي بكير...... فذكره-وابو جعفر الرازي: سيء الحفظ- و آدم بن فائد: مجهول ذكره ابن ابي حاتم في الجرح و التعديل (۲/۳۶۸) و لم يذكر فيه جرحا و لا تعديلا-وقد اخرجه ابن ماجه (۲۳۶۶) و احمد (۲/۲۰۸) من طريق الحجاج بن ارطاة عن عمرو بن شعيب' به- و الحجاج مدلس و قد عنعن-واخرجه البيهقي (۱۰/۱۵۵) من طريق المثنى بن الصباح عن عمرو' به- وقال: (آدم بن فائد' و المثنى بن الصباح لا يحتج بهما)- اه-و سياتي طريق المثنى هذا رقم (۴۵۲۳)-

۴۵۲۱-اخرجه الترمذي (۲۲۹۸) و الطحاوي في شرح مشكل الآثار (۴۸۶۶) و البيهقي (۱۰/۱۵۵) و البغوي (۲۵۱۰) من طريق يزيد بن زياد الدمشقي' به- قال ابو زرعة الرازي- كما في العلل لابن ابي حاتم (۱/۴۷۶)-: هذا حديث منكر' و لم يقرا علينا-وقال الحافظ في التلخيص (۴/۳۶۴): فيه يزيد بن زياد الشامي' و هو ضعيف- و قال الترمذي: لا يعرف هذا من حديث الزهري الا من هذا الوجه' و لا يصح عندنا اسناده- وقال ابو زرعة في العلل: منكر' و ضعفه عبد الحق و ابن حزم و ابن الجوزي- اه-وضعفه- ايضا الالباني في ضعيف الترمذي (۳۹۸)-

Scanned by CamScanner

شَهَادَةُ خَائِنٍ وَلَاخَائِنَةٍ وَلَامَوْقُوْفٍ عَلٰى حَدٍّ وَلَاذِىْ غِمْرٍ عَلٰى اَخِيْهِ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: خیانت کرنے والے مرد' خیانت کرنے والی عورت' جس شخص پر حد جاری ہوئی ہو اور جو شخص اپنے بھائی کے خلاف کینہ رکھتے ہوئے اس کے خلاف گواہی دے' ان کی گواہی درست نہیں ہے۔

4524- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ قَالَ سَمِعْتُ مُجَالِدًا ذَكَرَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ كَانَ شُرَيْحٌ يُجِيْزُ شَهَادَةَ كُلِّ مِلَّةٍ عَلٰى مِلَّتِهَا وَلَايُجِيْزُ شَهَادَةَ الْيَهُوْدِيِّ عَلَى النَّصْرَانِيِّ وَلَاالنَّصْرَانِيِّ عَلَى الْيَهُوْدِيِّ اِلَّا الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنَّهُ كَانَ يُجِيْزُ شَهَادَتَهُمْ عَلَى الْمِلَلِ كُلِّهَا.

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں کہ قاضی شریح کسی مذہب سے تعلق رکھنے والے شخص کی گواہی اُسی مذہب سے تعلق رکھنے والے شخص کے خلاف قبول کر لیتے تھے' وہ عیسائی کے خلاف یہودی کی' یا یہودی کے خلاف عیسائی کی گواہی کو قبول نہیں کرتے تھے۔البتہ مسلمانوں کا مسئلہ مختلف تھا' کیونکہ وہ کسی بھی مسلمان کی گواہی دوسرے تمام مذاہب کے خلاف قبول کر لیتے تھے۔

4525- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ قَبِيْصَةَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَّفْتُ فِيْكُمْ شَيْئَيْنِ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهُمَا كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّتِيْ وَلَنْ يَّتَفَرَّقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں' تم ان کے (مل جانے کے) بعد گمراہ نہیں ہو گے: اللہ کی کتاب اور میری سنت' یہ دونوں الگ نہیں ہوں گے' یہاں تک کہ یہ حوض پر مجھ تک پہنچ جائیں گے۔

4526- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا جُنَادَةُ بْنُ مَرْوَانَ بْنِ

٤٥٢٢—اخرجه البيهقي في سننه (١٠/١٥٥) من طريق الدارقطني' به- ونقل كلامه عقبه' ثم قال: (ولا يصح في هذا عن النبي صلى الله عليه وسلم شيء يعتمد عليه)' وضعفه الحافظ في تلخيص الحبير (٤/٣٦٥)-

٤٥٢٣—اخرجه البيهقي (١٠/١٥٥) من طريق قزعة بن سويد عن المثنى بن الصباح' به و المثنى بن الصباح لا يحتج به- و انظر الحديث (٤٥٢٠)-

٤٥٢٤—اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (٦/١٢٩) (١٠٢٢٩) من طرق عن الشعبي' به مختصرا-

٤٥٢٥—اخرجه الحاكم في المستدرك (١/٩٣)' و البيهقي (١٠/١١٤)' و الخطيب في الفقيه و المتفقه (٢٧٥) من طريق صالح بن موسى الطلحي' به-و له شواهد' ينظر تخريجها في الصحيحة للالباني رقم (١٧٦١)-

٤٥٢٦—جنادة بن مروان الحمصي قال ابو حاتم الرازي في الجرح و التعديل (٢/٥١٦): (ليس بالقوي اخشى ان يكون كذب في حديث عبد الله بن بسر انه راى في شارب النبي صلى الله عليه وسلم بياضه بحيال شفتيه)- الاسود بن عبد الرحمن: ترجم له ابن ابي حاتم في الجرح و التعديل (٤/٣٩٠)' و لم يذكر فيه جرحا و لا تعديلا' وذكره ابن حبان في الثقات (٦/٤٥١)- و قاعدة ابن حبان معروفة في توثيق المجاهيل-والحديث اخرجه ابو داود (٤٢٥٣) من طريق ضمضم عن شريح عن ابي مالك الاشعري' به-وقال الحافظ في تلخيص الحبير (٣/٢٩٥): و في اسناده انقطاع-٤٥٢٧—تقدم رقم (٤٤٤١)-

Scanned by CamScanner

الْحَكَمِ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شَعْوَذُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ خَالِدٍ - يَعْنِي ابْنَ مَعْدَانَ - قَالَ وَقَالَ كَعْبُ بْنُ عَاصِمٍ الْأَشْعَرِيُّ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى أَجَارَنِي عَلٰى أُمَّتِي مِنْ ثَلَاثٍ لَا يَجُوعُوا وَلَا يُسْتَجْمَعُوا عَلٰى ضَلَالَةٍ وَلَا تُسْتَبَاحُ بَيْضَةُ الْمُسْلِمِينَ.

☆☆ حضرت کعب بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اللہ تعالیٰ نے میری اُمت کے حوالے سے مجھے تین چیزوں کی پناہ عطاء کر دی ہے: وہ لوگ بھوکے نہیں رہیں گے وہ لوگ گمراہی پر متفق نہیں ہوں گے اور وہ لوگ سرے سے ختم نہیں ہوں گے۔

4527- حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاجِيَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي سَمِينَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ قَيْسٍ الْمَأْرِبِيُّ عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ عَنْ سُمَيِّ بْنِ قَيْسٍ عَنْ شُمَيْرٍ عَنْ أَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا يُحْمٰى مِنَ الْأَرَاكِ قَالَ مَا لَا تَنَالُهُ أَخْفَافُ الْإِبِلِ.

☆☆ حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں پیلو کے درخت میں سے کیا چیز چنوں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ چیز جہاں اونٹ کے پاؤں نہ پہنچ سکیں۔

4528- حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ الْمُحْرِمِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ السُّمَرِيُّ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ السُّمَرِيُّ حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ وَمَصْقَلَةَ بْنَ هُبَيْرَةَ الشَّيْبَانِيَّ تَنَازَعَا بِالْكُوفَةِ فَفَخَرَ الْمُغِيرَةُ بِمَكَانِهِ مِنْ مُعَاوِيَةَ عَلٰى مَصْقَلَةَ فَقَالَ لَهُ مَصْقَلَةُ وَاللّٰهِ لَأَنَا أَعْظَمُ عَلَيْهِ حَقًّا مِنْكَ قَالَ لَهُ الْمُغِيرَةُ وَلِمَ قَالَ لَهُ مَصْقَلَةُ لِأَنِّي فَارَقْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ وَوُجُوهِ أَهْلِ الْعِرَاقِ وَلَحِقْتُ بِمُعَاوِيَةَ فَضَرَبْتُ مَعَهُ بِسَيْفِي وَاسْتَعْمَلَنِي عَلِيٌّ عَلَى الْبَحْرَيْنِ فَأَعْتَقْتُ لَهُ بَنِي سَامَةَ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ بَعْدَ مَا مُلِكَتْ رِقَابُهُمْ وَأُبِيحَتْ حُرْمَتُهُمْ وَأَنْتَ مُقِيمٌ بِالطَّائِفِ تُنَاغِي نِسَاءَكَ وَتُرَشِّحُ أَطْفَالَكَ طَوِيلُ اللِّسَانِ قَصِيرُ الْيَدِ تُلْقِي بِالْمَوَدَّةِ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ حَتّٰى إِذَا اسْتَقَامَتِ الْأُمُورُ غَلَبْتَنَا عَلَيْهِ. فَقَالَ لَهُ الْمُغِيرَةُ وَاللّٰهِ يَا مَصْقَلَةُ مَا زِلْتَ مُنْذُ الْيَوْمِ تُكْثِرُ الْحَزَّ وَتُخْطِءُ الْمَفَاصِلَ أَمَّا تَرْكُكَ عَلِيًّا فَقَدْ فَعَلْتَ فَلَمْ تُؤْنِسْ أَهْلَ الشَّامِ وَلَمْ تُوحِشْ أَهْلَ الْعِرَاقِ وَأَمَّا قَوْلُكَ فِي عِتْقِ بَنِي سَامَةَ بْنِ لُؤَيٍّ فَإِنَّمَا أَعْتَقَهُمْ ثِقَةُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِكَ وَاللّٰهِ مَا صَبَرْتَ لَهُمْ نَفْسَكَ وَلَا أَعْتَقْتَهُمْ مِنْ مَالِكَ وَأَمَّا مَقَامِي بِالطَّائِفِ فَقَدْ أَبْلَانِي اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الْخَفْضِ مَا لَمْ يَبْلُكَ فِي الطَّعْنِ وَلِلّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْنَا نِعَمٌ فَإِنْ أَنْتَ عَادَيْتَنَا فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ وَرَائِكَ.

☆☆ مروان بن جعفر بیان کرتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ ایک مرتبہ کوفہ میں حضرت مغیرہ بن شعبہ اور مصقلہ بن ہبیرہ کے درمیان اختلاف ہو گیا تو مغیرہ نے مصقلہ کے سامنے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے قریب ہونے کے حوالے سے فخر کا اظہار کیا تو مصقلہ نے ان سے کہا کہ اللہ کی قسم! میں اس بات کا زیادہ حق رکھتا ہوں کہ وہ مجھ سے زیادہ

۴۵۲۸- اسنادہ حسن-

Scanned by CamScanner

قریب ہوں۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا: وہ کیوں؟ مصقلہ نے ان سے کہا: اس کی وجہ یہ ہے کہ میں حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو مہاجرین اور انصار اور عراق کے بڑے لوگوں کے درمیان چھوڑ کر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مل گیا تھا اور اُن کے ساتھ تلوار چلاتا رہا تھا اور انہوں نے مجھے گورنر مقرر کیا تھا تو میں نے ان کے لیے بنوسامہ بن لوئی کو آزاد کیا تھا' حالانکہ میں اُن کی گردنوں کا مالک بن چکا تھا اور ان کی عزتیں میرے لیے حلال ہو چکی تھیں' جبکہ تم طائف میں ٹھہرے ہوئے تھے اور اپنی بیویوں کے ساتھ خوش ہو رہے تھے اور اپنے بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے' تمہاری زبان دراز تھی' تم کنجوس تھے' تمہیں رشتے داری کی پروا نہیں تھی لیکن جب معاملہ ٹھیک ہو گیا تو اس وقت تم ہم پر غالب آ گئے۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اللہ کی قسم! اے مصقلہ! تم آج یہی باتیں کیے جا رہے ہو' جہاں تک تمہارا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو چھوڑنے کا تعلق ہے' تو تم نے ایسا کیا ہے' تو تم نے یہ عمل اہل شام سے محبت کی وجہ سے نہیں کیا بلکہ اہل عراق کے ساتھ نفرت کی وجہ سے کیا ہے' جہاں تک تم نے یہ کہا ہے کہ تم نے بنوسامہ بن لوئی کو آزاد کیا ہے' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ایک قابل اعتماد ساتھی نے تم پر اعتماد کرتے ہوئے انہیں آزاد کیا ہے' اللہ کی قسم! تم نے اپنے آپ کو ان کے ساتھ متعلق نہیں کیا اور نہ ہی اُنہیں اپنے مال میں سے آزاد کیا تھا' جہاں تک میرا طائف میں رہنے کا معاملہ ہے' تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے گھربار کی آزمائش میں مبتلا کیا' جس میں تمہیں مبتلا نہیں کیا' جو بیویوں کے بارے میں ہوتی ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر احسان ہے' اگر تم نے ہمارے ساتھ دشمنی کی تو اللہ تعالیٰ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

Scanned by CamScanner

كِتَابُ الْاَشْرِبَةِ وَغَيْرِهَا

مشروبات وغیرہ کے بارے میں روایات

4529- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ وَاَبُوْ عُمَرَ الْقَاضِيْ قَالَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِشْكَابَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيْعَةَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ نُعْمٍ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَمْرُ اُمُّ الْخَبَائِثِ وَمَنْ شَرِبَهَا لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ مِنْهُ صَلَاةً اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا فَاِنْ مَاتَ وَهِيَ فِيْ بَطْنِهِ مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً . وَاللَّفْظُ لِاَبِيْ عُمَرَ الْقَاضِيْ.

★★ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
"شراب ام الخبائث" (تمام خرابیوں کی جڑ) ہے، جو شخص اسے پئے گا، اللہ تعالیٰ 40 دن تک اس کی نماز قبول نہیں کرے گا، اور اگر وہ ایسی حالت میں مرجائے کہ یہ اس کے پیٹ کے اندر موجود ہو، تو وہ شخص زمانہ جاہلیت کی موت مرا۔"

شرح:

انسان کی زندگی کی بقا کے لئے کھانا اور پینا ضروری ہے۔ اور انسانی معاشرے میں پینے کے لئے دودھ اور پانی جیسی قدرتی چیزوں کے ہمراہ کچھ مشروبات استعمال کیے جاتے ہیں۔ دنیا کے اکثر علاقوں میں ایسے مشروبات استعمال کرنے کا رواج ہے' جس کی وجہ سے انسان کا ذہنی توازن خراب ہو جاتا ہے۔ ایسے مشروبات کو ہمارے عرف میں شراب کہا جاتا ہے۔ دنیا کے ہر مذہب میں شراب نوشی کو معیوب سمجھا جاتا ہے۔ اسلام نے بھی شدت کے ساتھ اس سے منع کیا ہے' جن میں سے چند ایک روایات اس باب میں امام دارقطنی نے نقل کی ہیں۔

4530- حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ

۴۵۲۹- اخرجه الطبراني في الاوسط (۳۶۶۷) من طريق محمد بن حرب النشائي' قال: نا محمد بن ربيعة الكلابي عن الحكم بن عبد الرحمن' به- وعزاه الالباني في الصحيحة (۱۸۵۴) الى الواحدي في (الوسيط)' و القضاعي (الجملة الاولى منه) عن الحكم بن عبد الرحمن' به- و ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (۷۵/۵): اخرجه الطبراني في الاوسط' عن شيخه شباب ابن صالح' و لم اعرفه- و بقية رجاله ثقات' و في بعضهم كلام لا يضر- اه- و له شاهد من حديث ابن عباس سياتي رقم (۴۵۳۱)-

۴۵۳۰- اسناده ضعيف' قال الذهبي في الميزان (۲۰۱/۴): (عبد الله بن مصعب بن خالد الجهني' عن ابيه' عن جده' فرفع خطبة منكرة' و فيهم جهالة)- والحديث نقله المنذري في الترغيب و الترهيب (۲۱۲/۳) عن حذيفة- رضي الله عنه- قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: (الخمر جماع الاثم' و النساء حبائل الشيطان' و حب الدنيا راس كل خطيئة)- اه- وقال: ذكره رزين' و لم اره في شيء من اصوله-

Scanned by CamScanner

حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُصْعَبِ بْنِ خَالِدِ بْنِ زَیْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِیُّ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ تَلَقَّفْتُ هٰذِهِ الْخُطْبَةَ مِنْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِتَبُوْكَ فَسَمِعْتُهٗ یَقُوْلُ وَالْخَمْرُ جِمَاعُ الْاِثْمِ.

☆☆ حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے "تبوک" میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبے کے دوران یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

"شراب گناہوں کا مجموعہ ہے۔"

4531- حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ جَعْفَرِ بْنِ قَرِیْنٍ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَخْرٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِیْمِ اَبِیْ اُمَیَّةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْخَمْرُ اُمُّ الْفَوَاحِشِ وَاَكْبَرُ الْكَبَائِرِ مَنْ شَرِبَهَا وَقَعَ عَلٰی اُمِّهٖ وَعَمَّتِهٖ وَخَالَتِهٖ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"شراب برائیوں کی جڑ اور سب سے بڑا گناہ ہے جو اسے پی لے، وہ (نشہ کے عالم میں) اپنی ماں، اپنی پھوپھی اپنی خالہ کی عزت پر حملہ کرسکتا ہے۔"

4532- حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ كَاتِبُ اللَّیْثِ حَدَّثَنِیْ ابْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ اَبِیْ قَبِیْلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْخَمْرُ اُمُّ الْخَبَائِثِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"شراب ام الخبائث" (تمام برائیوں کی جڑ) ہے۔"

4533- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِیَّا الْمُحَارِبِیُّ بِالْكُوْفَةِ حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَیْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِیْسَ عَنْ زَكَرِیَّا وَاَبِیْ حَیَّانَ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ یَقُوْلُ عَلٰی مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْخَمْرَ نَزَلَ تَحْرِیْمُهَا وَهِیَ مِنْ خَمْسَةٍ مِّنَ الْعِنَبِ وَالْحِنْطَةِ .وَالشَّعِیْرِ وَالتَّمْرِ وَالْعَسَلِ.

۴۵۳۱- اخرجه الطبراني في الاوسط (۳۱۲۴) قال: حدثنا بكر، قال: نا عبد الله بن يوسف...... فذكره- و اخرجه الطبراني في الكبير (۱۱۳۷۲)، (۱۱۴۹۸) عن رشدين بن سعد عن ابي صخر عن عبد الكريم ابي امية، به- و اسناده ضعيف؛ عبد الكريم ابو امية، و رشدين بن سعد، و ابن لهيعة: ثلاثتهم ضعفاء- والحديث ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (۷۰/۵)، و قال: اخرجه الطبراني في الاوسط، و الكبير، و فيه عبد الكريم ابو امية و هو ضعيف، اه- و انظر رقم (۴۵۲۹)-

۴۵۳۲- ابن لهيعة ضعيف، و ابو قبيل: هو حيي بن هانیء، صدوق، لكنه يهم، كما في (التقريب)- و قد تقدم الحديث رقم (۴۵۲۹) من طريق اخرى عن ابن عمرو-

۴۵۳۳- اخرجه النسائي (۲۹۵/۸): اخبرنا محمد بن العلاء، قال: انبانا ابن ادريس...... فذكره - و محمد بن العلاء: هو ابو كريب، و هو ثقة- واخرجه البخاري (۴۶۱۹)، (۵۵۸۱)، (۵۵۸۸)، (۷۳۳۷) و مسلم (۳۰۳۲)، وابو داود (۳۶۶۹)، و النسائي (۲۹۵/۸) من طريق ابي حيان عن الشعبي، به-

Scanned by CamScanner

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا تو یہ پانچ چیزوں سے بنائی جاتی تھی، انگور، گندم، جو، کھجور اور شہد''۔

4534- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ اَخْبَرَهُ اَنَّ عُمَرَ خَرَجَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ اِنِّىْ وَجَدْتُ مِنْ فُلَانٍ رِيْحَ الشَّرَابِ فَسَاَلْتُهُ مَاذَا شَرِبَ فَزَعَمَ اَنَّهُ شَرِبَ الطِّلَاءَ وَاَنَا سَائِلٌ عَمَّا شَرِبَ فَاِنْ كَانَ يُسْكِرُ جَلَدْتُهُ .فَجَلَدَهُ عُمَرُ الْحَدَّ تَامًّا.

☆☆ سائب بن یزید بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ لوگوں کے پاس تشریف لائے، انہوں نے فرمایا: مجھے فلاں شخص سے شراب کی بومحسوس ہوئی، میں نے اس سے دریافت کیا کہ اس نے کیا پیا ہے؟ تو اس نے بتایا: اس نے طلا پیا ہے، میں شراب کے بارے دریافت کر رہا ہوں، اگر اسے نشہ ہوگیا تو میں اسے کوڑے لگاؤں گا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے مکمل حد کے کوڑے لگوائے۔

4555- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ .قَالَ حَمَّادٌ وَلَا اَعْلَمُهُ اِلَّا رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَّكُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ .قَالَ وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِى الدُّنْيَا فَمَاتَ وَهُوَ يُدْمِنُهَا لَمْ يَشْرَبْهَا فِى الْاٰخِرَةِ.

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ مرفوع حدیث کے طور پر (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان) نقل کرتے ہیں:

''ہر نشہ آور چیز حرام ہے اور ہر نشہ آور چیز ''خمر'' ہے، جو شخص دنیا میں شراب پیتا ہو اور اسے باقاعدگی سے پیتے ہوئے مر جائے، وہ آخرت میں اسے نہیں پئے گا''۔

4536- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ وَحَدَّثَنَاهُ اَبُو الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِىُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَشُكَّ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

4537- حَدَّثَنَاهُ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ مُجَشِّرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ مَرْفُوْعًا .وَكَذٰلِكَ

٤٥٣٤–اخرجه مالك في الموطا (٢/٨٤٢)' و منطريقه النسائي : كما في تغليق التعليق (٥/٣٦)' و البيهقي (٨/٢٩٥)–و علقه البخاري في صحيحه (١١/١٨٩) في الاشربة' باب الباذق و من نهى عن كل مسكر من الاشربة' فقال: وقال عمر: (وجدت من عبيدالله ريح شراب' و انا سائل عنه فان كان يسكر جلدته)–قال ابن حجر في التغليق: و اخرجه سعيد بن منصور عن ابن عيينة عن الزهري سمع السائب ابن يزيد يقول: قال عمر على المنبر: (ذكر...... لي ان عبيد الله بن عمر و اصحابه شربوا شرابا' و انا سائل عنه' فان كان يسكر حددتهم)– قال سفيان: فاخبرني معمر عن الزهري عن السائب قال: فرايت عمر يحدهم–

٤٥٣٥–اخرجه احمد (٢/٩٨)' و مسلم (٢٠٠٣)' و ابو داود (٣٦٧٩)' و الترمذي (١٨٦١) من طرق عن حماد بن زيد' به–واخرجه البخاري (٥٥٧٥)' و مسلم (٢٠٠٣)' و النسائي (٨/٣١٧' ٣١٨)' و ابن ماجه (٣٣٧٣)' و الدارمي (٢٠٩٦)' و احمد (٢/١٩' ٢١' ٢٨' ٣٥' ١٠٦' ١٢٣' ١٤٢) من طرق عن نافع' به–

٤٥٣٦–راجع الذي قبله–

٤٥٣٧–تقدم في الذي قبله–

Scanned by CamScanner

رَوَاهُ يُونُسُ الْمُؤَدِّبُ عَنْ حَمَّادٍ كَذٰلِكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِغَيْرِ شَكٍّ وَقَالَ لُوَيْنٌ عَنْ حَمَّادٍ رَفَعَهُ وَلَمْ يَشُكَّ.وَرَوَاهُ الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو النُّعْمَانِ الْبَصْرِيُّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَيُّوبَ كَذٰلِكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِغَيْرِ شَكٍّ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

4538- حَدَّثَنَاهُ دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَالِكٍ الْبَصْرِيُّ جَارُ ابْنِ حِسَابٍ عَنْهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

4539- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الضَّيْفِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَّكُلُّ خَمْرٍ حَرَامٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر نشہ آور چیز خمر ہے اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔''

☆☆ عاصم بن کلیب اپنے والد کے حوالے سے مزینہ قبیلے کے ایک صاحب کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: قریش سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کھانا تیار کیا' آپ کو اور آپ کے اصحاب کو دعوت دی' میرے والد بھی نبی اکریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مجھے بھی ساتھ لے کر چلے گئے' ہم لوگ اپنے' اپنے والد کے سامنے اسی طرح بیٹھ گئے جیسے بچے اپنے والد کے سامنے بیٹھتے ہیں' لوگوں نے اس وقت تک کھانا نہیں شروع کیا جب تک انہوں نے یہ نہیں دیکھ لیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھانا شروع کر چکے ہیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لقمہ لیا تو پھر آپ نے اس کو پرے رکھ دیا اور ارشاد فرمایا: مجھے اس بکری کے گوشت میں ایسا ذائقہ محسوس ہوا ہے جیسے یہ اپنے مالک کی اجازت کے بغیر ذبح کی گئی ہے۔ اُس خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ میرے بھائی کی ہے اور میرا بھائی مجھ سے سب سے زیادہ محبت کرتا ہے' اگر اس سے زیادہ بہتر بکری موجود ہوتی تو اُسے بھی ذبح کرنا ہمارے لیے دشوار نہ ہوتا' اب مجھ پر یہ بات لازم ہے کہ میں اس سے بہتر بکری اُسے دے کر اسے راضی کرلوں گی۔ لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے کھانے سے انکار کر دیا اور آپ کے حکم کے تحت وہ کھانا قیدیوں کو کھلا دیا گیا۔

4680- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ اَبِي وَاَنَا غُلَامٌ مَعَ

٤٦٧٩- اخرجه البيهقي في السنن (٦/٩٧) من طريق الدارقطني' به- و جرير: هو ابن عبد الحميد' و هو ثقة' و قد تابعه عليه غير واحد- انظر الحديث السابق-

٤٦٨٠- انظر الحديث (٤٦٧٨' ٤٦٧٩)-

Scanned by CamScanner

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ وَقَالَ فِيْهِ فَبَعَثْتُ اِلٰى اَخِىْ عَامِرِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ وَّقَدِ اشْتَرٰى شَاةً مِنَ الْبَقِيْعِ فَلَمْ يَكُنْ اَخِىْ ثَمَّ فَدَفَعَ اَهْلُهُ الشَّاةَ اِلَىَّ .

☆☆ عاصم بن کلیب اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں کہ ایک انصاری نے مجھے یہ حدیث سنائی ہے: میں جب کم سن بچہ تھا تو میں اپنے والد کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گیا' اس کے بعد انہوں نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں: اس خاتون نے کہا: میں نے اپنے بھائی عامر بن ابووقاص کی طرف پیغام بھیجا کیونکہ بقیع میں سے ایک بکری خریدی ہوئی تھی' لیکن میرا بھائی وہاں موجود نہیں تھا تو اس کی بیوی نے یہ بکری مجھے بھجوادی۔

4681- حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ قُلْتُ لِاَبِىْ حَنِيْفَةَ مِنْ اَيْنَ اَخَذْتَ هٰذَا الرَّجُلُ يَعْمَلُ فِىْ مَالِ الرَّجُلِ بِغَيْرِ اِذْنِهٖ اَنَّهٗ يَتَصَدَّقُ بِالرِّبْحِ قَالَ اَخَذْتُهٗ مِنْ حَدِيْثِ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ يَعْنِىْ هٰذَا الْحَدِيْثَ .

☆☆ عبدالواحد بن زیاد بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا: آپ نے یہ مسئلہ کہاں سے حاصل کیا ہے کہ ایک شخص دوسرے کے مال میں اس کی اجازت کے بغیر تصرف کر لیتا ہے' تو وہ منافع کو صدقہ کر دے گا؟ تو امام ابوحنیفہ نے فرمایا: میں نے اُسے عاصم بن کلیب کی نقل کردہ حدیث سے حاصل کیا ہے۔

4682- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ الْحَضْرَمِىُّ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِىٍّ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِى الْحَسَنُ بْنُ جَابِرٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ قَالَ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْيَاءَ يَوْمَ خَيْبَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ رَجُلٌ مُتَّكِءٌ عَلٰى اَرِيْكَتِهٖ يُحَدِّثُ بِحَدِيْثِىْ فَيَقُوْلُ بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ حَلَالًا اسْتَحْلَلْنَاهُ وَمَا كَانَ فِيْهِ حَرَامًا حَرَّمْنَاهُ وَاِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا حَرَّمَ اللّٰهُ .

☆☆ حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر کے دن کچھ چیزوں کو حرام قرار دیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب وہ وقت آئے گا جب کوئی شخص اپنے تکیے کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے گا اور میری حدیث بیان کرے گا اور کہے گا: میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب کا حکم کافی ہے' ہمیں اس میں جو چیز حلال ملے گی ہم اسے حلال سمجھیں گے اور اس میں جو چیز حرام ملے گی ہم اسے حرام قرار دیں گے۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:)

''اللہ کا رسول جس چیز کو حرام قرار دے وہ اُسی طرح ہے جیسے وہ چیز ہوتی ہے' جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہو''۔

٤٦٨١- اسناده حسن' وقد نقله الزيلعي في نصب الراية (١٦٩/٤) ساكتا عليه-

٤٦٨٢- اخرجه الترمذي (٢٦٦٤)' و ابن ماجه (١٢)' و الدارمي (٥٩٢- هاشمي)' و احمد (١٣٢/٤)' و الطحاوي في شرح المعاني (٢٠٩/٤)' و الطبراني في الكبير (٢٠/الحديث ٦٤٩)' و البيهقي (٧٦/٧)' (٣٣١/٩)' و الحاكم (١٠٩/١) من طرق عن معاوية بن صالح' به-قال الترمذي: حديث حسن غريب من هذا الوجه-وسياتي في الذي بعده من طريق آخر عن المقدام-

Scanned by CamScanner

4683- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُتْبَةَ اَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنَا الزُّبَيْدِيُّ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ رُؤْبَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ عَوْفٍ الْجُرَشِيِّ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ قَدْ اُوْتِيتُ الْكِتَابَ وَمَا يَعْدِلُهُ يُوْشِكُ شَبْعَانُ عَلٰی اَرِيكَتِهِ يَقُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ هٰذَا الْكِتَابُ فَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ حَلَالٍ اَحْلَلْنَاهُ وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ وَاِنَّهُ لَيْسَ كَذٰلِكَ لَانَّهُ لَا يَحِلُّ اَكْلُ كُلِّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَلَا الْحِمَارِ الْاَهْلِيِّ وَلَا اللُّقَطَةِ مِنْ مَّالِ مُعَاهِدٍ اِلَّا اَنْ يَّسْتَغْنِیَ عَنْهَا وَاَيُّمَا رَجُلٍ ضَافَ قَوْمًا فَلَمْ يَقْرُوْهُ فَاِنَّ لَهُ اَنْ يَّعْقِبَهُمْ بِمِثْلِ قِرَاهُ.

☆☆ حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مجھے کتاب بھی عطاء کی گئی اور وہ چیز بھی عطاء کی گئی ہے جو اس کی مانند ہے (یعنی سنت عطا کی گئی ہے) عنقریب وہ وقت آئے گا جب کوئی بھرے ہوئے پیٹ والا شخص اپنے بستر کے ساتھ ٹیک لگا کر یہ کہے گا: ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب موجود ہے اس میں جو چیز حلال ہوگی ہم اسے حلال سمجھیں گے اور جو چیز اس میں حرام ہوگی ہم اُسے حرام قرار دیں گے۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا راوی نے کہا:)

ایسا نہیں ہے کسی بھی نوکیلے دانت والے درندے کو کھانا یا پالتو گدھے کو کھانا' معاہد شخص کی گری ہوئی چیز کو اُٹھانا جائز نہیں ہے البتہ اگر وہ کوئی ایسی چیز ہو جس کی ضرورت نہ ہو' تو حکم مختلف ہوگا۔ جو شخص کسی قوم کا مہمان بنا ہو اور وہ لوگ اس کی مہمان نوازی نہیں کرتے تو اُسے اس بات کا حق حاصل ہوگا کہ وہ اپنی ضرورت کے مطابق اُن سے خوراک زبردستی حاصل کرے۔

4684- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيٰی بْنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْخَيْلِ وَالْبِغَالِ وَالْحَمِيْرِ وَعَنْ كُلِّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السَّبُعِ اَوْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ.

☆☆ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر کے دن گھوڑے' خچر'

٤٦٨٣- اخرجه احمد (٤/١٣٠)' و ابو داود (٣٨٠٤)' (٤٦٠٤)' و الطحاوي في شرح المعاني (٤/٢٠٩)' و ابن حبان (١٢)' و الطبراني في الكبير (٢٠/ الحديث ٦٦٩)' و البيهقي (٩/٣٣٢)' و في الدلائل (٦/٥٤٩) من طريق عبد الرحمن بن ابي عوف' به- و انظر الحديث السابق-

٤٦٨٤- اخرجه البيهقي في سننه (٩/٣٢٨) من طريق الدارقطني' به- و في اسناده محمد بن عمر الواقدي و هو متروك- و قد اخرجه جمع عن بقية حدثني ثور بن يزيد عن صالح بن يحيى بن المقدام عن ابيه عن جده عن خالد بن الوليد ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن اكل لحوم الخيل و البغال و الحمير' و كل ذي ناب من السباع- اخرجه ابو داود (٣٧٩٠)' والنسائي (٧/٢٠٢)' و ابن ماجه (٣١٩٨)' واحمد (٤/٨٩)' و الطبراني في الكبير (٣٨٢٦)' و الطحاوي في شرح المعاني (٤/٢١٠)' و البيهقي (٩/٣٢٨)' و سياتي من هذا الطريق في الحديث التالي- واسناده ضعيف؛ لان مداره على صالح بن يحيى عن ابيه عن جده' و صالح بن يحيى؛ قال عنه الحافظ في التقريب: لين- وقال في ابيه يحيى بن المقدام: مستور- والحديث ضعفه الالباني في ضعيف ابن ماجه رقم (٦٨٧)- و انظر نصب الراية (٤/١٩٦)- و قال البيهقي عقب رواية الواقدي: اخرجه محمد بن حمير عن ثور عن صالح انه سمع جده المقدام- و اخرجه عمر بن هارون البلخي عن ثور عن يحيى بن المقدام عن ابيه عن خالد' فهذا اسناده مضطرب' و مع اضطرابه مخالف لحديث الثقات)- اه-

Scanned by CamScanner

گدھے' نوکیلے دانت والے درندے (راوی کو پھر شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) نوکیلے پنجوں والے پرندے کا گوشت کھانے سے منع کر دیا تھا۔

4685– حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَافِرِ بْنُ سَلَامَةَ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُحُومِ الْخَيْلِ وَالْبِغَالِ وَالْحَمِيرِ وَعَنْ كُلِّ ذِي نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ .

☆☆ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر کے دن گھوڑے' خچر' گدھے' نوکیلے دانت والے درندے کا گوشت کھانے سے منع کر دیا تھا۔

4686–حَدَّثَنَا أَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ مُوسَى بْنَ هَارُونَ يَقُولُ لَا يُعْرَفُ صَالِحُ بْنُ يَحْيَى وَلَا أَبُوهُ إِلَّا بِجَدِّهِ .وَهَذَا حَدِيثٌ ضَعِيفٌ وَزَعَمَ الْوَاقِدِيُّ أَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ أَسْلَمَ بَعْدَ فَتْحِ خَيْبَرَ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔تاہم یہ روایت ضعیف ہے کیونکہ واقدی نے یہ بات بیان کی ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے فتح خیبر کے بعد اسلام قبول کیا تھا۔

4687– حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَافِرِ بْنُ سَلَامَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ حَدَّثَنِي ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ الْكِنْدِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ جَدَّهُ الْمِقْدَامَ يَقُولُ أَقَمْتُ أَنَا وَبِضْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا مِنْ قَوْمِي يَوْمَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً لَمْ نَذُقْ طَعَامًا وَقَدْ رَبَطُوا بِرْذَوْنَةً لِيَذْبَحُوهَا فَأَتَيْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فَأَعْلَمْتُهُ الَّذِي كَانَ مِنَّا فِي أَمْرِ الْبِرْذَوْنَةِ فَقَالَ لَوْ ذَبَحُوهَا لَسُؤْتُكَ ثُمَّ قَالَ حَرَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ أَمْوَالَ الْمُعَاهِدِينَ وَحُمُرَ الْإِنْسِ وَخَيْلَهَا وَبِغَالَهَا ثُمَّ أَمَرَ لَهُ بِمُدٍّ أَوْ مُدَّيْنِ مِنْ طَعَامٍ .الشَّكُّ مِنْ يَحْيَى قَالَ إِذَا أَتَتْنَا سَرِيَّةٌ فَاطَّلَعْنَا لَمْ يَذْكُرْ أَبَاهُ .

☆☆ یحییٰ بن مقدام بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے دادا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: ایک مرتبہ میں اور میرے قبیلے کے دس یا شاید اس سے کچھ زیادہ افراد دو یا تین دن تک کھانا نہیں کھا سکے تھے' انہوں نے ذبح کرنے کے لیے گھوڑا باندھا ہوا تھا' میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور انہیں بتایا کہ گھوڑے کے بارے میں ہمارا کیا ارادہ ہے' تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر وہ لوگ اسے ذبح کر دیتے تو برا کرتے' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر کے موقع پر ذمیوں کے اموال' گدھوں' گھوڑوں اور خچروں کے گوشت کو حرام قرار دے دیا تھا۔

پھر حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے اُن لوگوں کو اناج کے دو یا شاید ایک مُد دینے کا حکم دیا' اور فرمایا کہ جب ہمیں کوئی مہم درپیش ہوئی' تو ہم اطلاع کر دیں گے۔

٤٦٨٥–تقدم تخريجه في الذي قبله-

٤٦٨٦–اخرجه البيهقي (٩/ ٣٢٨) من طريق الدارقطني به- و انظر رقم (٤٦٨٤)-

٤٦٨٧–تقدم تخريجه رقم (٤٦٨٣)-

Scanned by CamScanner

4688- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ هَارُونَ الْبَلْخِيُّ حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْحِمَارِ الْاِنْسِيِّ وَعَنْ خَيْلِهَا وَبِغَالِهَا -لَمْ يَذْكُرْ فِي اِسْنَادِهِ صَالِحًا وَهٰذَا اِسْنَادٌ مُضْطَرِبٌ .وَقَالَ الْوَاقِدِيُّ لَا يَصِحُّ هٰذَا لِاَنَّ خَالِدًا اَسْلَمَ بَعْدَ فَتْحِ خَيْبَرَ.

☆☆ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پالتو گدھوں' گھوڑوں اور خچروں (کا گوشت کھانے) سے منع کر دیا تھا۔

راوی کہتے ہیں: اس کی سند مستند نہیں ہے کیونکہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے غزوۂ خیبر کے بعد اسلام قبول کیا تھا۔

4689- حَدَّثَنَا اَبُو طَلْحَةَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ مَجْزَاةَ بْنِ زَاهِرٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ وَكَانَ بَايَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ اَنَّهُ اشْتَكَى فَبَعَثَ لَهُ اَنْ يَسْتَنْقِعَ فِي اَلْبَانِ الْاِبِلِ وَمَرَقِهَا فَكَرِهَ ذٰلِكَ.

☆☆ مجزاۃ بن زاہر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جنہوں نے درخت کے نیچے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی تھی' وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ انہیں کوئی بیماری لاحق ہوگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ پیغام بھیجا کہ وہ گدھی کے دودھ کو اور شوربے کو (دوا کے طور پر) استعمال کریں' لیکن انہیں یہ کھانا (یا دوا) پسند نہیں آیا۔

4690- حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ يَحْيَى بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا نَاْكُلُ لُحُومَ الْخَيْلِ . قُلْتُ الْبَغْلِ قَالَ لَا.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ گھوڑوں کا گوشت کھالیا کرتے تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ ہم نے دریافت کیا: اور خچروں کا؟ انہوں نے جواب دیا: وہ نہیں۔

4691- حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ اَبُو سَعِيدٍ حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا فُرَاتُ بْنُ سَلْمَانَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُمْ كَانُوا يَاْكُلُونَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُومَ الْخَيْلِ وَزَعَمَ اَنَّ عَطَاءً نَهَى عَنِ الْبِغَالِ وَالْحَمِيرِ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں گھوڑے کا

۴۶۸۸-تقدم تخریجه' انظر رقم (۴۶۸۳) (۴۵۸۴)-

۴۶۸۹-اخرجه البيهقي (۹/۳۳۲) من طريق الدارقطني' به- و اسناده رجاله ثقات الا احمد ابن محمد بن عبد الكريم شيخ الدارقطني: وهو ابو طلحة الفزاري ترجمته في الميزان (۱/۲۸۹) قال الذهبي: ضعفه الدارقطني' و قال: تكلموا فيه' ووثقه البرقاني-

۴۶۹۰-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۸۷۳۳)' والنسائي (۷/۲۰۱' ۲۰۲)' و ابن ماجه (۳۱۹۷)' و الطحاوي في شرح معاني الآثار (۴/۲۱۱)' والبيهقي (۹/۳۲۷) من طرق عن عبد الكريم الجزري' به-واسناده صحيح؛ عبد الكريم الجزري ثقة' روى له الشيخان-

۴۶۹۱-اخرجه البيهقي (۹/۳۲۷) من طريق الدارقطني' به- وقد تقدم تخريجه في الذي قبله' لكن تفرد فرات بن سلمان بقوله: (وزعم ان عطاء نهى عن البغال و الحمر)- و فرات هذا لا ادرى من هو؟ و لعله يكون فرات بن سلمان الرقي' له ترجمة في التاريخ الكبير للبخاري (۷/۱۲۹)' و الجرح او التعديل (۷/۸۰)' و الذهبي في الميزان (۵/۴۱۳)' و ثقه احمد وابو حاتم-

Scanned by CamScanner

گوشت کھالیا کرتے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: عطاء نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خچروں اور گدھوں کے گوشت سے منع کیا ہے۔

4692- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَافَرْنَا مَعَهُ يَعْنِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنَّا نَاْكُلُ لُحُوْمَ الْخَيْلِ وَنَشْرَبُ اَلْبَانَهَا .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم سفر کر رہے تھے یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تو ہم نے گھوڑوں کا گوشت کھایا اور (گھوڑیوں کا) دودھ پیا۔

4693- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَكَلْنَا يَوْمَ خَيْبَرَ الْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ فَنَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِغَالِ وَالْحَمِيْرِ وَلَمْ يَنْهَنَا عَنِ الْخَيْلِ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ غزوۂ خیبر کے دن ہم نے گھوڑوں' خچروں اور گدھوں کا گوشت کھایا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خچروں اور گدھوں کے گوشت سے منع کر دیا' تاہم آپ نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھانے سے منع نہیں کیا۔

4694- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَطْعَمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُوْمَ الْخَيْلِ وَنَهَانَا عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھلایا تھا تاہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گدھوں کے گوشت سے ہمیں منع کر دیا تھا۔

4695- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ سَلَّامِ بْنِ كِرْكِرَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَاَذِنَ لَنَا فِيْ لَحْمِ الْفَرَسِ.

٤٦٩٢-اخرجه البيهقي (٩/٣٢٧) من طريق الدارقطني' به- و انظر الحديث (٤٦٩٠)-

٤٦٩٣-اخرجه احمد (٣/٣٥٦، ٣٦٢)' و ابو داود (٣٧٨٩)' و ابو يعلى (٣/٣٢٢) (١٧٨٧)' و البيهقي (٩/٣٢٧) من طرق عن حماد بن سلمة' به- و اخرجه عبد الرزاق (٨٧٣٧)' و مسلم (٣٧/١٩٤١)' والنسائي (٧/٢٠٥)' و ابن ماجه (٣١٩١)' والطحاوي في شرح معاني الآثار (٤/٢٠٤) من طرق عن ابن جريج عن ابي الزبير' به-واخرجه البخاري (٤٢١٩)' (٥٥٢٠)' (٥٥٢٤)' و مسلم (١٩٤١)' و ابو داود (٣٧٨٨)' و الدارمي (٢/٨٧)' و البيهقي (٩/٣٢٧) من طرق عن حماد بن زيد عن عمرو بن دينار عن محمد بن علي عن جابر' به-و سياتي برقم (٤٦٩٤)' (٤٦٩٥) من طريق سفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار عن جابر-

٤٦٩٤-اخرجه عبد الرزاق (٨٧٣٤)' و الحميدي (١٢٥٤)' و الطيالسي (١٦٤٤)' و الترمذي (١٧٩٤)' و ابو يعلى (١٨٣٣)' و الطحاوي (٤/٢٠٤) من طرق عن سفيان عيينة' به-

Scanned by CamScanner

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ غزوۂ خیبر کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کر دیا تھا' تاہم آپ نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھانے کی اجازت دے دی تھی۔

4696- حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا جَدِّى حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَمَرَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَاْكُلَ لُحُومَ الْخَيْلِ وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا تھا کہ ہم گھوڑوں کا گوشت کھالیا کریں' البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کر دیا۔

4697- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ وَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلُحُومِ الْخَيْلِ اَنْ تُؤْكَلَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کر دیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کے گوشت کے بارے میں یہ ہدایت کی تھی کہ اُسے کھایا جا سکتا ہے۔

4698- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ حَدَّثَتْنِى فَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ عَنْ اَسْمَاءَ قَالَتْ ذَبَحْنَا فَرَسًا عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَكَلْنَا مِنْهُ .

☆☆ سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ہم نے گھوڑا ذبح کیا اور اس کا گوشت کھالیا۔

٤٦٩٥-في اسناده محمد بن اسحاق' و هو صدوق' لكنه مدلس' و قد عنعن-وسلام بن كركرة: ذكره البخاري في التاريخ (١٣٤/٤)' و ابن ابي حاتم في الجرح و التعديل (٣٦١/٤)' ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا' وذكره ابن حبان في الثقات (٤١٦/٦)-وقد تقدم الحديث رقم (٤٦٩٤) من طريق آخر عن عمرو بن دينار- و انظر ايضا رقم (٤٥٩٤)-

٤٦٩٦-المغيرة بن مسلم: هو الازدي القسملي صدوق؛ كما قال الحافظ في التقريب و الحديث تقدم برقم (٤٦٩٤' ٤٦٩٥)- وانظر رقم (٤٦٩٣)-

٤٦٩٧-اخرجه الطبراني في الكبير (١٨٠/١٢) (١٢٨٣٠)' و في الاوسط (٥٧٦٠) قال: حدثنا محمد بن عبد الله الحضرمي' به-وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (٥٠/٥)' وقال : (اخرجه الطبراني في الكبير والاوسط ورجالهما رجال الصحيح خلا محمد بن عبيد المحاربي' و هو ثقة)-

٤٦٩٨-اخرجه احمد (٣٤٦/٦' ٣٥٣) قال: حدثنا يحيى بن سعيد...... فذكره- و اسناده صحيح -وقد اخرجه عبد الرزاق (٨٧٣١)' و الشافعي (١٧٣/٢)' و البخاري (٥٥١٠)' (٥٥١٩)' و مسلم (١٩٤٢)' وابن ماجه (٣١٩٠)' والطحاوي (٢١١/٤)' و ابن حبان (٥٢٧١)' و ابن الجارود (٨٨٦)' و البيهقي (٣٢٧/٩) من طرق عن هشام بن عروة' به-واخرجه الدارقطني من طريق سفيان ووهيب بن خالد عن هشام بن عروة به' ياتي رقم (٤٦٩٩)- و انظر ايضا رقمي (٤٧٠٠' ٤٧٠١)-

Scanned by CamScanner

4699– حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَوُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِىْ بَكْرٍ قَالَتْ كَانَ لَنَا فَرَسٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرَادَتْ اَنْ تَمُوْتَ فَذَبَحْنَاهَا فَاَكَلْنَاهَا .

☆☆ سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ہمارا ایک گھوڑا تھا' وہ مرنے لگا تو ہم نے اُسے ذبح کر کے اس کا گوشت کھالیا۔

4700– حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ وَعَبَّادِ بْنِ حَمْزَةَ عَنْ اَسْمَاءَ قَالَتِ انْتَحَرْنَا فَرَسًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَكَلْنَاهُ.

☆☆ سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ہم نے گھوڑا رکھا ہوا تھا' ہم نے اس کو (ذبح کر کے) اس کا گوشت کھالیا۔

4701– حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِىْ حَسَّانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَرْوَانَ هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ خُلَيْدٍ عُتْبَةُ بْنُ حَمَّادٍ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَسْمَاءَ قَالَتْ ذَبَحْنَا فَرَسًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَكَلْنَا نَحْنُ وَاَهْلُ بَيْتِهِ .

☆☆ سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ہم نے گھوڑا ذبح کیا' ہم نے بھی اس کا گوشت کھایا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل خانہ نے بھی اسے کھایا۔

4702– حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ عُمَرَ بْنِ زَيْدٍ مِّنْ اَهْلِ صَنْعَاءَ حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْهِرَّةِ وَاَكْلِ ثَمَنِهَا .

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلی کا گوشت کھانے اور اس کی قیمت استعمال کرنے سے منع کیا ہے۔

4703– حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ النَّحَّاسُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الرَّمْلِيُّ حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ الصَّلْتِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عِيَاضٍ عَنْ عَبْدِ الْمَجِيْدِ بْنِ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِ

۴۶۹۹–اسناده حسن' و الحديث صحيح حاجب بن سليمان: روى له النسائي' و قال الحافظ في التقريب: صدوق يهم- و انظر الحديث (۴۶۹۸)-

۴۷۰۰–اسناده صحيح' و قد تقدم برقم (۴۶۹۸)-

۴۷۰۱–و ابن ثوبان: هو عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان العنسي و هو صدوق يخطئ، و قد تغير بآخره- و قد تقدم الحديث من طريق هشام بن عروة عن فاطمة بنت المنذر عن اسماء-

۴۷۰۲–اخرجه عبد ابن حميد (۱۰۴۴)' و ابو داود (۳۴۸۰)' (۳۸۰۷)' و الترمذي (۱۲۸۰)' و ابن ماجه (۳۲۵۰)' و عبد الله بن احمد (۳/۲۹۷) من طرق عن عبد الرزاق' به–واسناده ضعيف: لضعف عمر بن زيد الصنعاني- و الحديث ضعفه الالباني في ضعيف ابن ماجه (۷۰۰)-

Scanned by CamScanner

الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اُهْدِیَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْنَبٌ وَّاَنَا نَائِمَةٌ فَخَبَاَ لِیْ مِنْهَا الْعَجُزَ فَلَمَّا قُمْتُ اَطْعَمَنِیْ۔

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں خرگوش پیش کیا گیا' میں اُس وقت سوئی ہوئی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پچھلے حصے کو میرے لیے سنبھال کر رکھا' جب میں بیدار ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ مجھے کھانے کے لیے دیا۔

4704- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِیْ بِاللّٰهِ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْفَارَةِ تَقَعُ فِی السَّمْنِ وَالْوَدَكِ قَالَ اطْرَحُوْهَا وَاطْرَحُوْا مَا حَوْلَهَا اِنْ كَانَ جَامِدًا وَّاِنْ كَانَ مَائِعًا فَانْتَفِعُوْا بِهٖ وَلَا تَاْكُلُوْهُ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے چوہے کے بارے میں دریافت کیا گیا جو گھی میں گر جاتا ہے یا چربی میں گر جاتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر وہ گھی جما ہوا ہو' تو اس کے چوہے آس پاس کے گھی کو نکال کر پھینک دو اور اگر وہ مائع کی شکل میں ہو' تو تم اُسے کسی اور استعمال میں لے آؤ' لیکن اُسے کھاؤ نہیں۔

4705- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ رَاشِدِ الْاَصْبَهَانِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ الْبَرْقِیُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ اَبِیْ هَارُوْنَ عَنْ اَبِیْ

٤٧٠٣- في اسناده يزيد بن عياض: قال ابن حجر في التقريب: كذبه مالك وغيره- ونقله الزيلعي في نصب الراية (٤/٢٠١) واعله بيزيد بن عياض-

٤٧٠٤- اخرجه البيهقي في سننه (٩/٣٤٤) من طريق علي بن محمد المصري' قال: ثنا بكر بن سهل...... فذكره -وبكر بن سهل: هو الدمياطي المحدث' ذكره الذهبي في التذكرة (٢/٦٨٠) و ابن العماد في الشذرات (٢/٢٠١) فيمن توفي سنه- ٢٨٩و شعيب بن يحيى بن السائب: قال الحافظ في التقريب: صدوق عابد- و يحيى: هو ابن ايوب المصري الغافقي: قال الحافظ في التقريب: صدوق ربما اخطا- واخرجه الطبراني في الاوسط (٣٠٧٧) و هو في مجمع البحرين رقم (٥٢٠) قال: حدثنا بكر ابن سهل قال: نا شعيب بن يحيى قال: نا عبد الجبار بن عمر عن ابن جريج' به -واخرجه العقيلي في الضعفاء (٣/٨٧) من طريق ابن ابي مريم' و البيهقي (٩/٣٥٤) من طريق ابن وهب عن عبد الجبار بن عمر عن ابن شهاب' به' لم يذكر فيه ابن جريج -و عبد الجبار ضعيف قال البيهقي: عبد الجبار غير محتج' به' وروى عن ابن جريج عن ابن شهاب هكذا' و الطريق اليه غير قوي -قال الهيثمي في مجمع الزوائد (١/٢٩٢): اخرجه الطبراني في الاوسط' و فيه عبد الجبار بن عمر: قال محمد بن سعد كان بافريقية' و كان ثقة' و ضعفه جماعة- اه -وسئل ابو حاتم عن هذا الحديث و حديث ابي هريرة؟ فقال: كلاهما و هم' و الصحيح (الزهري عن عبيد الله بن عبد الله عن ابن عباس عن ميمونة عن النبي صلى الله عليه وسلم - اه- قلت: وقد صوب البيهقي في حديث ابن عمر الوقف' و اخرجه من طريق سفيان الثوري عن ايوب عن نافع عن ابن عمر -رضي الله عنهما- في فارة وقعت في زيت قال: (استصبحوا به و ادهنوا به ادمكم)- وانظر تلخيص الحبير (٢/١٨٦)-

٤٧٠٥- اخرجه البيهقي في سننه (٩/٣٥٤) من طريق الدارقطني- و ابو هارون العبدي متروك' و قد تقدمت ترجمته- و الحديث ضعفه الحافظ في تلخيص الحبير (٢/١٨٧- بتحقيقنا)' و قد اخرجه الدارقطني - ايضا- موقوفا على ابي سعيد' و صوبه البيهقي في سننه- و انظر الحديث التالي-

Scanned by CamScanner

سَعِيدٍ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْفَارَةِ تَقَعُ فِي السَّمْنِ وَالزَّيْتِ قَالَ اسْتَصْبِحُوا بِهِ وَلَا تَأْكُلُوهُ . أَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ . وَرَوَاهُ الثَّوْرِيُّ عَنْ أَبِي هَارُونَ مَوْقُوفًا عَلَى أَبِي سَعِيدٍ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے چوہے کے بارے میں دریافت کیا گیا جو گھی یا زیتون کے تیل میں گر جاتا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا تم کوئی اور استعمال کرلو اسے کھاؤ نہیں۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ "موقوف" روایت کے طور پر منقول ہے۔

4706- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي دَاوُدَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ حَبِيبٍ وَّأُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ أَبِي هَارُونَ الْعَبْدِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّهُ قَالَ فِي الْفَارَةِ تَقَعُ فِي السَّمْنِ أَوِ الزَّيْتِ اسْتَنْفِعُوا بِهِ وَلَا تَأْكُلُوهُ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر چوہا گھی میں یا زیتون کے تیل میں گر جاتا ہے تو تم اس سے نفع حاصل کرلو لیکن اُسے کھاؤ نہیں۔

4707- حَدَّثَنَا أَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ قَالَ قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَالنَّاسُ يَجُبُّونَ أَسْنِمَةَ الْإِبِلِ وَيَقْطَعُونَ أَلْيَاتِ الْغَنَمِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُطِعَ مِنَ الْبَهِيمَةِ وَهِيَ حَيَّةٌ فَهُوَ مَيْتَةٌ .

☆☆ حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ اونٹوں کی کوہان کا گوشت اور دُنبے کی چکی کا گوشت کاٹ کر کھالیا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زندہ جانور کے جس حصے کو کاٹ دیا جائے وہ مردار شمار ہوگا۔

۴۷۰۶- اخرجه البيهقي (۹/ ۲۵٤) من طريق الدارقطني وهو الصواب، و ان كان اسناده ضعيفا ايضا: فان مداره -موقوفا و مرفوعا- على ابي هارون العبدي، و هو متروك- و انظر الحديث السابق-

۴۷۰۷- اخرجه ابو داود (۲۸۵۸)، والترمذي (۱۴۸۰)، و احمد (۵/ ۲۱۸)، و الحاكم (٤/ ۲۳۹)، و البيهقي (۱/ ۲۳)، (۹/ ۲٤۵) منطرق عن عبد الرحمن بن عبد الله بن دينار به-واخرجه الدارمي (۲۰۲٤-هاشمي) من طريق عبيد الله بن عبد المجيد عن عبد الرحمن بن عبد الله بن دينار عن زيد بن اسلم، قال عبد الرحمن: احسبه عن عطاء بن يسار- وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب، لا نعرفه الا من حديث زيد بن اسلم-وقد حسن اسناده الالباني في غاية المرام (٤۱) فوهم-فقد خالف عبد الرحمن بن عبد الله بن دينار فيه هشام بن سعد: كما سياتي في الحديث التالي-قال الزيلعي في نصب الراية (٤/ ۳۱۸): قال البزار: (وهذا حديث قد اختلف فيه على زيد، فقال عبد الرحمن بن دينار: عن زيد بن اسلم عن عطاء عن ابي واقد- وقال المسور بن الصلت: عن زيد بن اسلم عن عطاء عن ابي سعيد- وقال سليمان بن بلال: عن زيد عن عطاء عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا- و المسور لين الحديث، و قد روى عنه جماعة من اهل العلم- و عبد الرحمنبن دينار ليس بالقوي في الحديث)- اه -قلت: عبد الرحمن ضعفه ابن معين و ابن مهدي و ابو حاتم الرازي و ابو زرعة و ابن حبان، وقال الدارقطني: غيره اثبت منه، لكن خرج له البخاري، و حسن ابن المديني القول فيه، فقال: صدوق- و على ذلك فاحسن درجاته انه ضعيف يعتبر به، وقد خولف في هذا الحديث-

Scanned by CamScanner

4708- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسٰى عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُطِعَ مِنَ الْبَهِيمَةِ وَهِىَ حَيَّةٌ فَهُوَ مَيْتَةٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: زندہ جانور کے جس حصے کو کاٹ دیا جائے وہ مردار شمار ہوگا۔

4709- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ اَبِىْ فَرْوَةَ ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ يُوْسُفَ الْمَرْوَرُّوذِيُّ يُعْرَفُ بِابْنِ الْهَرْشِ قَالَ وَجَدْتُ فِىْ كِتَابِ جَدِّىْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ فَرْوَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى قَالَ نَزَلْتُ مَعَ حُذَيْفَةَ عَلٰى دِهْقَانٍ فَاَتَانَا بِطَعَامٍ فَطَعِمْنَا فَدَعَا حُذَيْفَةُ بِشَرَابٍ فَاَتَاهُ بِشَرَابٍ فِىْ اِنَاءٍ مِّنْ فِضَّةٍ فَاَخَذَ الْاِنَاءَ فَضَرَبَ بِهٖ وَجْهَهٗ فَسَاءَ نَا الَّذِىْ صَنَعَ بِهٖ فَقَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ لِمَ صَنَعْتُ هٰذَا قُلْنَا لَا . قَالَ نَزَلْتُ بِهٖ فِى الْعَامِ الْمَاضِىْ فَاَتَانِىْ بِشَرَابٍ فِيْهِ فَاَخْبَرْتُهٗ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَاْكُلَ فِىْ اٰنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَاَنْ نَشْرَبَ فِيْهِمَا وَلَانَلْبَسَ الْحَرِيْرَ وَلَا الدِّيْبَاجَ فَاِنَّهُمَا لِلْمُشْرِكِيْنَ فِى الدُّنْيَا وَهُمَا لَنَا فِى الْاٰخِرَةِ .

☆☆ امام محمد بن حسن شیبانی' امام ابوحنیفہ کے حوالے سے عبدالرحمٰن بن لیلیٰ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک کسان کے پاس گیا' وہ ہمارے پاس کھانا لے کر آیا' ہم نے اُسے کھالیا' پھر حضرت حذیفہ نے پانی منگوایا تو وہ شخص چاندی کے برتن میں اُن کے پاس مشروب لے کر آیا' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے وہ برتن پکڑا اور وہ اس کے منہ پر مار دیا' انہیں اس کی یہ حرکت بُری لگی۔ پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا تم لوگ جانتے ہو کہ میں نے ایسا کس لیے کیا ہے؟ ہم نے جواب دیا: جی نہیں! تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: ہم گزشتہ سال بھی اس کے ہاں آئے تھے تو یہ اسی برتن میں میرے پاس مشروب لے کر آیا تھا' میں نے اسے بتایا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ ہم سونے یا چاندی کے برتنوں میں کچھ کھائیں یا ان میں کچھ پئیں یا ہم ریشمی لباس یا دیباج کا لباس پہنیں۔ (نبی اکرم

۴۷۰۸-اخرجه ابن ماجه (۳۳۱٦)' و الحاكم (٤/١٢٤)' و البزار في مسند كما في نصب الراية (٤/٣١٧) من طريق هشام بن سعد' به-قال البزار: لا نعلمه يروى عن ابن عمر الا من هذا الوجه- قال الزيلعي؛ قلت: اخرجه الطبراني في معجمه الوسط: حدثنا محمود بن علي المروزي ثنا يحيى بن المغيرة: حدثنا ابننافع عن عاصم بن عمر عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر مرفوعا' نحوه- و انظر مصباح الزجاجة (٢/٦٣)-

۴۷۰۹-في اسناده يزيد بن سنان ابو فروة الرهاوي: قال الحافظ في التقريب: ضعيف-وقد اخرجه مسلم في صحيحه (٢٠٦٧/٤) من طريق سفيان عن ابي فروة انه سمع عبد الله ابن عكيم قال: كنا مع حذيفة بالمدائن...... فذكره نحوه- و هذا هو الصواب عن ابي فروة انه يرويه عن ابن عكيم' و قد خالفه مجاهد' و الحكم بن عتيبة' و يزيد بن ابي زياد' فرووه عن عبد الرحمن بن ابي ليلى' به-اخرجه البخاري (٥٤٢٦)' (٥٦٣٣)' (٥٨٣١)' (٥٨٣٧)' ومسلم (٢٠٦٧)' و النسائي (١٩٨/٨)' و ابن ماجه (٣٤١٤)' واحمد (٣٩٧/٥' ٤٠٤) من طرق عن مجاهد' به- و سياتي من هذا الطريق رقم (٤٧١٠' ٤٧١١)-واخرجه احمد (٣٨٥/٥' ٣٩٦' ٣٩٨' ٤٠٠)' و البخاري (٥٦٣٢)' و مسلم (٢٠٦٧)' و ابو داود (٣٧٢٣)' و الترمذي (١٨٧٨)' و ابن ماجه (٣٥٩٠) من طريق الحكم بن عتيبة عن ابن ابي ليلى' به-واخرجه احمد (٤٠٨/٥)' و مسلم (٢٠٦٧) من طريق يزيد بن بن ابي زياد' به-

Scanned by CamScanner

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا:)

''یہ دونوں چیزیں دنیا میں مشرکین کے لیے ہیں' البتہ آخرت میں یہ ہمارے لیے ہوں گی''۔

4710- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَيْدَرَةَ حَيْدُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ حُذَيْفَةَ.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا يَحْيٰى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ حُذَيْفَةَ- وَكُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا قَدْ دَخَلَ فِىْ حَدِيْثِ صَاحِبِهٖ- قَالَ سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَشْرَبُوْا فِىْ اٰنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَا تَاْكُلُوْا فِيْهَا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ الفاظ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''سونے اور چاندی کے برتنوں میں پیؤ نہیں اور ان میں کھاؤ نہیں''۔

4711- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِىُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِى الرَّبِيْعِ الْجُرْجَانِىُّ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ اَبِىْ نَجِيْحٍ يُحَدِّثُ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى اَنَّ حُذَيْفَةَ اسْتَسْقٰى فَاَتَاهُ دِهْقَانٌ بِاِنَاءٍ مِّنْ فِضَّةٍ فَاَخَذَهٗ فَرَمَاهُ بِهٖ وَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَشْرَبَ فِىْ اٰنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَاَنْ نَاْكُلَ فِيْهِمَا وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ وَاَنْ نَجْلِسَ عَلَيْهِ.

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ ایک مرتبہ انہوں نے پینے کے لیے پانی مانگا تو ایک کسان چاندی کے برتن میں اُن کے لیے پانی لے کر آیا' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اسے پکڑا اور اسے پھینک دیا اور پھر ارشاد فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا ہے کہ ہم سونے یا چاندی کے برتن میں کچھ پئیں یا ان میں کچھ کھائیں اور آپ نے ہمیں ریشم اور دیباج پہننے سے اور اُن پر بیٹھنے سے بھی منع کیا ہے۔

4712- حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا حَبِيْبٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهٗ اَبُوْ ثَعْلَبَةَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِىْ كِلَابًا مُّكَلَّبَةً فَاَفْتِنِىْ فِىْ صَيْدِهَا فَقَالَ اِنْ كَانَتْ كِلَابًا مُّكَلَّبَةً فَكُلْ مِمَّا اَمْسَكْنَ عَلَيْكَ . قَالَ ذَكِىٌّ وَّغَيْرُ ذَكِىٍّ قَالَ ذَكِىٌّ وَّغَيْرُ ذَكِىٍّ . قَالَ وَاِنْ اَكَلَ مِنْهُ قَالَ وَاِنْ اَكَلَ مِنْهُ . قَالَ

٤٧١٠-اخرجه البخاري (٥٨٣٧) و مسلم (٢٠٦٧) من طريق ابن ابي نجيح به- وانظر الحديث (٤٧١١)-

٤٧١١-انظر السابق-

٤٧١٢-اخرجه احمد (٢/١٨٤) و ابو داود (٢٨٥٧) من طريق حبيب المعلم به-و حبيب المعلم روى له الجماعة و قال فيه الحافظ في التقريب: صدوق و صحح اسناده العلامة احمد شاكر في تعليقه على المسند رقم (٦٧٢٥) وقد جاء الحديث بنحوه من طريق ابي ادريس الخولاني عن ابي ثعلبة الخشني- اخرجه ابو داود (٢٨٥٢) و اصله في الصحيحين عند البخاري رقم (٥٤٧٨) (٥٤٨٨) (٥٤٩٦) و مسلم (١٩٣٠)-

Scanned by CamScanner

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَفْتِنِيْ فِيْ قَوْسِيْ قَالَ كُلْ مَا رَدَّتْ عَلَيْكَ قَوْسُكَ ـ قَالَ ذَكِيًّا وَغَيْرَ ذَكِيٍّ قَالَ ذَكِيًّا وَغَيْرَ ذَكِيٍّ ـ قَالَ وَاِنْ تَغَيَّبَ عَنِّيْ قَالَ وَاِنْ تَغَيَّبَ عَنْكَ مَا لَمْ يَصِلَّ اَوْ تَجِدْ فِيْهِ اَثَرَ غَيْرِ اَثَرِ سَهْمِكَ ـ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفْتِنِيْ فِيْ اٰنِيَةِ الْمَجُوْسِ اِذَا اضْطُرِرْنَا اِلَيْهَا ـ قَالَ اغْسِلْهَا ثُمَّ كُلْ فِيْهَا ـ

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اس کا نام ابوثعلبہ تھا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس کچھ تربیت یافتہ کتے ہیں' آپ اُن کے ذریعے شکار کرنے کے بارے میں مجھے بتائیں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تو تمہارے کتے تربیت یافتہ ہیں تو جس شکار کو وہ تمہارے لیے روک لیتے ہیں تم اُسے کھالو خواہ اسے ذبح کرنے کا موقع ملے یا ذبح کرنے کا موقع نہ ملے۔ اُس شخص نے دریافت کیا: اگر وہ کتا خود اس میں سے کچھ کھالیتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگرچہ وہ خود اس میں سے کچھ کھالے (تو بھی تم اسے کھاسکتے ہو)۔ اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے میری کمان کے بارے میں بتائیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری کمان (یعنی تیر) جس چیز کو روک دیتا ہے اُسے تم کھالو انہوں نے دریافت کیا: خواہ اُسے ذبح کیا گیا ہو یا ذبح نہ کیا گیا ہو' نبی اکریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خواہ اسے ذبح کیا گیا ہو یا ذبح نہ کیا گیا ہو' اس شخص نے دریافت کیا: اگر وہ شکار مجھ سے روپوش ہو جاتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ تم سے روپوش ہو جاتا ہے' تو جب تک وہ گم نہیں ہوتا' جب تک تم اس میں اپنے تیر کے علاوہ کوئی اور نشان نہیں پاتے (تو تم اسے کھاسکتے ہو)۔ اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے مجوسیوں کے برتنوں کے بارے میں بتائیں کہ جب ہم مجبوری کے تحت انہیں استعمال کریں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم انہیں دھو کر پھر اُن میں کھاسکتے ہو۔

4713- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ هَارُوْنَ الْعَسْكَرِيُّ وَالْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الرَّبِيْعِ الْاَنْمَاطِيُّ قَالُوْا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ اَنَّهُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْمِيْ بِسَهْمِيْ فَاُصِيْبُ فَلَا اَقْدِرُ عَلَيْهِ اِلَّا بَعْدَ يَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ فَقَالَ اِذَا قَدَرْتَ عَلَيْهِ وَلَيْسَ فِيْهِ اَثَرٌ وَلَا خَدْشٌ اِلَّا رَمْيَتُكَ فَكُلْ وَاِنْ وَجَدْتَ فِيْهِ اَثَرَ غَيْرِ رَمْيَتِكَ فَلَا تَاْكُلْهُ- اَوْ قَالَ لَا تَطْعَمْهُ- فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ اَنْتَ قَتَلْتَهُ اَوْ غَيْرُكَ وَاِذَا اَرْسَلْتَ كَلْبَكَ فَاَخَذَ فَاَدْرَكْتَهُ فَذَكِّهِ وَاِنْ وَجَدْتَهُ قَدْ اَخَذَ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ شَيْئًا فَكُلْهُ وَاِنْ وَجَدْتَهُ قَدْ قَتَلَهُ فَاَكَلَ مِنْهُ فَلَا تَاْكُلْ مِنْهُ شَيْئًا- اَوْ قَالَ لَا تَاْكُلْهُ- فَاِنَّهُ اِنَّمَا اَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهِ ـ قَالَ عَدِيٌّ فَاِنِّيْ اُرْسِلُ كِلَابِيْ وَاَذْكُرُ اسْمَ اللّٰهِ فَتَخْتَلِطُ بِكِلَابٍ اُخْرٰى فَيَاْخُذْنَ الصَّيْدَ فَيَقْتُلْنَهُ قَالَ لَا تَاْكُلْهُ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ اَكِلَابُكَ قَتَلَتْهُ اَوْ كِلَابُ غَيْرِكَ ـ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں کہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: میں اپنا

۴۷۱۳-اخرجه البخاري في صحيحه (٥٤٨٤)' و مسلم (٦/١٩٢٩)' و ابو داود (٢٨٤٩)' (٢٨٥٠)' و الترمذي (١٤٦٩)' و ابن ماجه (٣٢١٣)' و النسائي (٧/ ١٨٠' ١٩٢)' و احمد (٤/ ٢٥٧' ٣٧٩) من طريق عاصم عن الشعبي' به- و للحديث طرق كثيرة في الصحيحين و غيرهما عن الشعبي-

Scanned by CamScanner

تیر چلا کر شکار کر لیتا ہوں لیکن شکار تک ایک یا دو دن کے بعد پہنچتا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم اس شکار پر قابو پا لو اور اس پر تمہارے تیر کے علاوہ کوئی اور نشان یا خراش نہ ہو' تو تم اُسے کھا لو لیکن اگر تمہیں اپنے تیر کے علاوہ کوئی دوسرا زخم یا نشان ملتا ہے' تو تم اسے نہ کھاؤ۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) اس کی وجہ یہ ہے کہ تمہیں یہ معلوم نہیں ہے کہ تم نے اسے شکار کیا ہے یا کسی دوسرے نے شکار کیا ہے۔ اسی طرح جب تم اپنے کتے کو چھوڑتے ہو اور پھر وہ شکار کو پکڑ لیتا ہے اور تم شکار تک پہنچ جاتے ہو' تو تم اسے ذبح کر لو۔ اگر تم اُسے ایسی حالت میں پاتے ہو کہ کتے نے شکار پکڑ لیا تھا اور خود اس میں سے کچھ نہیں کھایا تھا تو تم اُسے کھا لو لیکن اگر تم اسے ایسی حالت میں پاتے ہو کہ کتے نے اُسے مار دیا اور اس میں سے کچھ کھا بھی لیا تھا تو تم شکار کو نہ کھاؤ۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) اس کی وجہ یہ ہے کہ اس جانور نے وہ شکار اپنے لیے روکا ہے۔ حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں کتے کو چھوڑتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا نام لے لیتا ہوں' پھر میرے کتے کے ساتھ دوسرا کتا بھی مل جاتا ہے' اور وہ سب شکار کر لیتے ہیں اور اُسے مار دیتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم اُسے نہ کھاؤ! کیونکہ تمہیں یہ معلوم نہیں ہے کہ تمہارے کتے نے اُسے مارا ہے یا دوسرے کتے نے اُسے مارا ہے؟

4714- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَيَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ قَالَا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّيْدِ فَقَالَ اِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَاِنْ وَجَدْتَهٗ قَدْ قَتَلَ فَكُلْهُ اِلَّا اَنْ تَجِدَهٗ قَدْ وَقَعَ فِيْ مَاءٍ فَمَاتَ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِى الْمَاءُ قَتَلَهٗ اَمْ سَهْمُكَ.

☆☆ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شکار کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم اپنا تیر مارنے لگو تو اس پر اللہ کا نام لے لو' اگر تم شکار کو ایسی حالت میں پاؤ کہ وہ مر چکا ہے' تو اُسے کھا لو لیکن اگر وہ پانی میں گر کر مرا ہے' تو تم یہ نہیں جانتے کہ وہ تمہارے تیر کی وجہ سے مرا ہے یا پانی کی وجہ سے مرا ہے۔

4715- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَعْرَابِيٌّ حَدَّثَنَا شَاذَانُ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَبِىْ بَزَّةَ وَاَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ سُلَيْمَانَ الْيَشْكُرِيِّ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نُهِيَ عَنْ ذَبِيحَةِ الْمَجُوْسِيِّ وَصَيْدِ كَلْبِهٖ وَطَائِرِهٖ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) مجوسی شخص کے ذبح کیے ہوئے جانور'

۴۷۱۴- انظر الحديث السابق-

۴۷۱۵- اخرجه البيهقي في سننه (۲۴۵/۹) من طريق احمد بن علي المودب: ثنا شريك...... فذكره' و لم يذكر فيه ابا الزبير- وقال البيهقي: و اخرجه- ايضا- وكيع عن شريك غير ان الحجاج بن ارطاة لا يحتج به- والله اعلم- و اخرجه يحيى بن ابي بكير عن شريك عن الحجاج بن ارطاة عن القاسم بن ابي برزة و ابي الزبير عن سليمان اليشكري عن جابر- رضي الله عنه- قال: نهى عن ذبيحة المجوسي و صيد كلبه و طائره- و في هذا الاسناد من لا يحتج به- و الله اعلم-

Scanned by CamScanner

اس کے کتے کے شکار یا اس کے پرندے کے شکار (کا گوشت کھانے) سے منع کیا ہے۔

4716- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْاُمَوِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ اَبِىْ اِدْرِيسَ عَنِ الْخُشَنِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا نُخَالِطُ الْمُشْرِكِينَ وَلَيْسَ لَنَا قُدُورٌ وَلَا اٰنِيَةٌ غَيْرُ اٰنِيَتِهِمْ قَالَ فَقَالَ اسْتَغْنُوا عَنْهَا مَا اسْتَطَعْتُمْ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوا فَارْحَضُوهَا بِالْمَاءِ فَاِنَّ الْمَاءَ طَهُورُهَا ثُمَّ اطْبُخُوا فِيهَا۔

☆☆ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم لوگ مشرکین کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں' ہماری الگ سے ہنڈیا نہیں ہے اور الگ سے برتن نہیں ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہو سکے تو اُن سے بچنے کی کوشش کرو' لیکن اگر کوئی گنجائش نہ ہو' تو اُسے پانی کے ساتھ دھولو' پانی اُس کو پاک کردے گا پھر اس میں (کھانا) پکالو۔

4717- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِىْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ فَغَابَ عَنْكَ ثَلَاثًا فَاَدْرَكْتَهُ فَكُلْهُ مَا لَمْ يُنْتِنْ۔

☆☆ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں کہ جب تم اپنا تیر پھینکو اور وہ شکار تین دن تک تم سے غائب رہے' پھر تم اس تک پہنچ جاؤ تو اُسے کھالو' جبکہ وہ بدبودار نہ ہوا ہو۔

4718- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِى بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْعَسْكَرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ الْاَهْوَازِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ الْاَهْوَازِيُّ ح وَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحَارِثِ وَيَحْيَى بْنُ يَزِيدَ الْاَهْوَازِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ الْاَهْوَازِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ سَالِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ الرَّجُلَ مِنَّا يَذْبَحُ وَيَنْسٰى اَنْ يُّسَمِّىَ اللّٰهَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى

٤٧١٦- الحديث اخرجه احمد (٤/١٩٣) و الترمذي (١٤٦٤) من طريق يزيد بن هارون عن حجاج عن مكحول عن ابي ثعلبة الخشني -واخرجه مسلم في صحيحه (١٩٣١/١١) من طريق العلاء عن مكحول عن ابي ثعلبة' و لم يذكر فيه ابا ادريس الخولاني- و مكحول لا يصح سماعه من ابي ثعلبة-ولم يروه عن مكحول عن ابي ادريس عن ابي ثعلبة غير حجاج بن ارطاة' و هو ضعيف- لكن ورد الحديث من طرق عن ابي ادريس' به-

٤٧١٧- اخرجه مسلم (١٩٣١/٩)' و ابو داود (٢٨٦١)' و احمد (٤/١٩٤) من طريق حماد ابن خالدعن معاوية بن صالح' به- و اخرجه مسلم (١٩٣١/١٠)' و النسائي (٧/١٩٣) من طريق معن بن عيسى عن معاوية بن صالح' به-واخرجه مسلم (١٩٣١/١١) من طريق عبد الرحمن بن جبير' و ابي الزاهرية عن جبير بن نفير' به-

٤٧١٨- اخرجه الطبراني في الاوسط (٤٧٦٩)' و ابن عدي في الكامل (٦/٢٨٥)' و البيهقي (٩/٢٤٠) من طريق مروان بن سالم الغفاري' به- و مروان: قال الحافظ في التقريب: متروك' رماه الساجي و غيره بالوضع -والحديث ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (٤/٣٣): اخرجه الطبراني في الاوسط' وفيه مروان ابن سالم الغفاري' و هو متروك- و انظر نصب الراية (٤/١٨٣)-

Scanned by CamScanner

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمُ اللّٰهِ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ - مَرْوَانُ بْنُ سَالِمٍ ضَعِيفٌ ۔وَقَالَ ابْنُ قَانِعٍ اسْمُ اللّٰهِ عَلٰى فَمِ كُلِّ مُسْلِمٍ۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: یارسول اللہ! آپ کا ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے جو ذبح کرتے ہوئے بسم اللہ پڑھنی بھول جاتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کا نام ہر مسلمان کی زبان پر موجود ہوتا ہے۔

یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی نے اختلاف کیا ہے۔

4719- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَالْقَاضِي اَبُوْ عُمَرَ وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقُ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي مَسَرَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَابِرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ فِي الْمُسْلِمِ يَذْبَحُ وَيَنْسَى التَّسْمِيَةَ قَالَ لَا بَاْسَ بِهٖ.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ حَدَّثَنِي عَيْنٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ لَمْ يَرَ بِهٖ بَاْسًا .قَوْلُهٗ عَيْنٌ يَعْنِي بِهٖ عِكْرِمَةَ.

☆☆ ابراہیم ایسے مسلمان کے بارے میں فرماتے ہیں: جو ذبح کرتے ہوئے بسم اللہ پڑھنی بھول جاتا ہے' ابراہیم فرماتے ہیں: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

ایک اور سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ وہ اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

4720- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ عَنْ عَيْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا ذَبَحَ الْمُسْلِمُ فَلَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَلْيَاْكُلْ فَاِنَّ الْمُسْلِمَ فِيهِ اسْمٌ مِنْ اَسْمَآءِ اللّٰهِ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب مسلمان کوئی جانور ذبح کرے اور اس پر اللہ کا نام نہ لے تو وہ اُسے کھا سکتا ہے' کیونکہ لفظ مسلم میں بھی اللہ تعالیٰ کا ایک اسم موجود ہے۔

4721- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْقَاضِي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ صَاعِقَةُ حَدَّثَنَا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ

